تفرقی مساواتیں

ایڈورڈ کے تکملی احصا کے آخری پانچ بابوں کا اردو ترجمہ

از

قاضی محمد حسین صاحب ایم۔اے

پروفیسر ریاضیات، کلیۂ جامعۂ عثمانیہ

حیدرآباد دکن

۱۳۴۱ھ م ۱۳۳۲ف م ۱۹۲۳ء

فہرست مضامین

تفرقی مساواتیں

اس طرح کی مساوات

ف (لا، ما، ا) = ۰ .... (۱)

جس میں تفاعل کی شکل معلوم ہے منحنیات کے ایک خاص قبیل کو تعبیر کرتی ہے، اِس قبیل کے کسی ایک رکن کے لئے ا کی ایک خاص قیمت ہے جو ایک ہی منحنی کے تمام نقاط کے لئے وہی رہتی ہے لیکن اس قبیل کے مختلف منحنیات کے لئے مختلف ہے۔

علم ریاضی میں ایسے سوالات اکثر واقع ہوتے ہیں جن میں منحنیات کے پورے قبیل پر بالتمام عمل کرنا مقصود ہوتا ہے۔

مثلاً ایک سوال یہ ہے، منحنیات کا ایک ایسا قبیل معلوم کرو جس کا ہر ایک رکن ایک معلومہ قبیل کے ہر ایک رکن کو ایک زاویہ معلومہ (مثلاً زاویہ قائمہ) پر قطع کرے۔ ظاہر ہے کہ اس طرح کے عملوں میں منحنی کو مخصوص کرنے والا حرف ا تفاعیل زیر بحث میں بطور ایک مستقل مقدار کے واقع نہیں ہونا چاہئے در حقیقت پورے قبیل پر ایک ساتھ عمل کرنے کی بجائے ہم اِس قبیل کے ایک خاص رکن پر عمل کر رہے ہونگے۔

ا اِس طرح ساقط ہو سکتا ہے:-

مساوات کو ا کے لئے حل کرو اور اسے شکل ذیل میں لکھو

فہ (لا، ما) = ا .... (۲)

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے ا نکل جاتا ہے اور (۱) کی بجائے ایک مساوات لا، ما اور ما، میں حاصل ہوتی ہے۔

یہ ممکن ہے کہ تفرقی مساوات کے بنانے میں ا کے لئے مساوات حل نہ ہو سکے۔ اس صورت میں

مساوات ف (لا، ما، ا) = ۰ .... (۱)

کا بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے حاصل ہوگا

$$\frac{\text{جف ف}}{\text{جف لا}} + \frac{\text{جف ف}}{\text{جف ما}} \times \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = ۰ \quad \text{.......(۳)}$$

اب مساواتوں (۱) اور (۲) سے ا کو ساقط کرنے سے ایک ربط لا، ما، ما' میں حاصل ہوتا ہے جو سارے قبیل کے لئے درست ہے۔ مثال کے طور پر خطوط مستقیم کے ایک ایسے قبیل پر غور کرو جو مساوات

ما = م لا

میں اختیاری مستقل م کو مختلف قیمتیں دینے سے حاصل ہوتا ہے۔

م کے لئے حل کرنے سے   ما / لا = م

تفرق کرنے سے   (لا ما' − ما) / لا² = ۰

یا   ما = لا ما'

یا بطرز دیگر م کے لئے حل کرنے کے بغیر

ما' = م

اس لئے   ما = لا ما'

یہ مساوات اُن تمام خطوط مستقیم کی تفرقی مساوات ہے جو مبدأ میں سے گذرتے ہیں اور اس کا ہندسی مفہوم یہ ہے کہ مبدأ میں سے گذرنے والے کسی خط مستقیم کی سمت اُس کے کسی نقطہ پر وہی ہے جو اس نقطہ اور مبدأ کو ملانے والے سمتی کی ہے۔

۳۔ اب فرض کرو کہ منحنیات کے قبیل کو تعبیر کرنے والی مساوات

ف (لا، ما، ا، ب) = ۰ ....(۱)

ہے جس میں دو اختیاری مستقل ا، ب ہیں اور قبیل کے مختلف منحنی ان مستقلات کو مختلف قیمتیں دینے سے حاصل ہوتے ہیں۔ بلحاظ لا کے اوپر کی مساوات کا ایک دفعہ تفرق کرنے سے لا، ما، ما'، ا، ب میں ایک ربط حاصل ہوگا فرض کرو کہ یہ ربط ہے

فہ (لا، ما، ما'، ا، ب) = ۰ ....(۲)

اگر ایک دفعہ اور بلحاظ لا کے اس کا تفرق کیا جائے تو لا، ما، ما$_1$، ا، ب میں ایک ربط ملے گا، فرض کرو کہ یہ حسب ذیل ہے

صہ (لا، ما، ما$_1$، ما$_2$، ا، ب) = ۰ .... (۳)

ان تین مساواتوں سے ا، ب ساقط ہو سکتے ہیں، کم از کم نظری لحاظ سے (اگر یہ پہلے سے عمل تفرق میں ساقط نہیں ہو چکے)، اس طرح لا، ما، ما$_1$، ما$_2$ کو باہم منسلک کرنے والا ایک ربط مثلاً

ف (لا، ما، ما$_1$، ما$_2$) = ۰

حاصل ہوگا جو قبیل مفروض کی تفرقی مساوات ہوگی۔

۴۔ مساوات کا رتبہ

تعریف کے طور پر ہم اسے مان لیتے ہیں کہ تفرقی مساوات کا رتبہ اُس اعلیٰ ترین تفرقی سر سے متعین ہوتا ہے جو اس میں واقع ہوتا ہے۔ ہم نے اوپر دیکھا ہے کہ اگر دو مجہولوں کی کسی مساوات میں ایک اختیاری مستقل واقع ہو تو اس مستقل کو ساقط کرنے پر **پہلے** رتبہ کی تفرقی مساوات حاصل ہوتی ہے اور اگر مساوات میں دو اختیاری مستقل واقع ہوں تو انہیں ساقط کرنے پر **دوسرے** رتبہ کی مساوات حاصل ہوتی ہے۔ یہ استدلال بالکل عام ہے، ن اختیاری مستقلات کو ساقط کرنے کیلئے ہمیں ن دفعہ تفرق کرنا ہوگا اور اس طرح لا، ما، ما$_1$، ما$_2$.... ما$_ن$ کو باہم ربط دینے والی ایک تفرقی مساوات حاصل ہوگی جس کا رتبہ صریحاً ن ہوگا۔

مثال ۱۔ مساوات لا^2 + ما^2 = ۲ الا + ج سے ا اور ج کو ساقط کرو۔

تفرق کرنے سے لا + ما ما$_1$ = ا

دوبارہ تفرق کرنے سے ۱ + ما$_1^2$ + ما ما$_2$ = ۰

صرف عمل تفرق سے ہی مستقل غائب ہو چکے ہیں، اور یہ دوسرے

رتبہ کی تفرقی مساوات ہے (واضح ہو کہ بڑے سے بڑا تفرقی سر اس میں $ما_1$ ہے) جو اُن تمام دائروں سے متعلق ہے جن کے مرکز لا، محور پر واقع ہوتے ہیں۔

مثال ۳ — اُن تمام مرکزدار مخروطی تراشوں کی تفرقی مساوات معلوم کرو جن کے محور، محددوں کے محوروں پر منطبق ہوتے ہیں —
مخروطیوں کے اس قبیل کے کسی ایک رکن کی شمونہ کی مساوات ہوگی

ا لا^2 + ب ما^2 = ا

تفرق کرنے سے ا لا + ب ما $ما_1$ = ۰

دوبارہ تفرق کرنے سے ا + ب ($ما_1^2$ + ما $ما_2$) = ۰

جس سے لا ($ما_1^2$ + ما $ما_2$) − ما $ما_1$ = ۰
مطلوبہ تفرقی مساوات حاصل ہوتی ہے۔

۵ — عمل اسقاط الٹ نہیں سکتا۔

بالعموم اوپر کا عمل اسقاط الٹ نہیں سکتا اور جب ایک قبیل کی تفرقی مساوات دی ہوئی ہو اور ہم اس کے کسی ایک رکن کی نمونہ کی مساوات معلوم کرنا چاہیں تو ہمیں عمل استکمل کی طرح چند معیاری صورتوں سے کام لئے بغیر چارہ نہیں ہوتا اور کئی مساواتیں ایسی پیدا ہوتی ہیں جنہیں ہم مطلق حل نہیں کر سکتے۔

تاہم اوپر کی دفعات سے ہم یہ نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر ن ویں رتبہ کی تفرقی مساوات کو حل کرنا مقصود ہو تو ہمیں لا، ما اور ن اختیاری مستقلات میں ایک ایسا جبریہ ربط معلوم کرنا چاہیئے کہ ان مستقلات کو ساقط کرنے پر مفروضہ تفرقی مساوات حاصل ہو سکے۔ ایسا جبریہ ربط مساوات کا عام سے عام حل خیال کیا جاتا ہے۔

پہلے رتبہ کی تفرقی مساواتیں

۶۔ انکی پانچ معیاری صورتیں ہیں

صورت اول ۔ متغیر جدائی پذیر

وہ تمام مساواتیں جن میں فرلا اور لا والی تمام رقمیں مساوات کے ایک طرف اور فرما اور ما والی تمام رقمیں دوسری طرف لائی جا سکیں اس صورت کے تحت میں آتی ہیں اور تکمل کرنے سے فوراً حل ہو سکتی ہیں

مثال ۱ ۔ مثلاً اگر

$$\text{قط ما} = \text{قط لا} \, \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$$

تو

$$\text{جم لا فرلا} = \text{جم ما فرما}$$

تکمل کرنے سے ربط

$$\text{جب لا} = \text{جب ما} + \text{ا}$$

حاصل ہوتا ہے جس میں ایک اختیاری مستقل ا شامل ہے۔

مثال ۲ ۔ اگر

$$\text{لا ما} \, \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{۱ + \text{لا}^۲}{\text{ما} + ۱}$$

تو

$$\left(\text{لا} + \frac{۱}{\text{لا}}\right) \text{فرلا} = \left(\text{ما}^۲ + \text{ما}\right) \text{فرما}$$

اس لئے

$$\frac{\text{لا}^۲}{۲} + \text{لوک لا} = \frac{\text{ما}^۳}{۳} + \frac{\text{ما}^۲}{۲} + \text{ا}$$

جس میں ایک اختیاری مستقل ا شامل ہے۔

امثلہ

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو

۱ ۔ $\text{لا جم}^۲ \text{ما فرلا} = \text{ما جم}^۲ \text{لا فرما}$

۲ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{لا}^2 + \text{لا} + 1}{\text{ما}^2 + \text{ما} + 1}$　　۳ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} + \frac{\text{ما}^2 + \text{ما} + 1}{\text{لا}^2 + \text{لا} + 1} = 0$

۴ - ثابت کرو کہ مثال ۳ کے قبیل منحنیات کا ہر ایک رکن مثال ۲ کے ہر رکن کو علی القوائم قطع کرتا ہے۔

۵ - $\text{لا ما} \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{1 + \text{ما}^2}{1 + \text{لا}^2} (1 + \text{لا} + \text{لا}^2)$

۶ - $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \text{و}^{\text{لا} - \text{ما}} + \text{لا}^2 \text{و}^{-\text{ما}}$

۷ - ثابت کرو کہ وہ تمام منحنی جن میں عماد کا مربع سمتی نیم قطر کے مربع کے مساوی ہے یا تو دائرے ہیں یا قائم زائد۔

۸ - ثابت کرو کہ ایک ایسا منحنی جس کے کسی نقطہ پر کا مماس اس نقطہ کے سمتی نیم قطر کے ساتھ مستقل زاویہ (عہ) بنائے صرف اس جماعت

$\text{ر} = \text{ا و}^{\text{طم عہ}}$ سے متعلق ہو سکتا ہے۔

۹ - اُن منحنیات کی مساواتیں معلوم کرو جن میں

(۱) کارٹیزی زیر مماس مستقل ہو

(۲) کارٹیزی زیر عماد مستقل ہو

(۳) قطبی زیر مماس مستقل ہو

(۴) قطبی زیر عماد مستقل ہو

۱۰ - اس منحنی کی کارٹیزی مساوات معلوم کرو جس کے مماس کا طول مستقل ہو۔

صورت دوم - خطی مساواتیں

حسب ذیل شکل کی مساوات

$\text{ما}_{\text{ن}} + \text{ف ما}_{\text{ن}-1} + \text{ق ما}_{\text{ن}-2} + \ldots + \text{ک ما} = \text{ر}$

جہاں ف، ق، ...ک، ر متغیر لا کے تفاعل یا مستقل مقداریں ہیں خطی مساوات کہلاتی ہے، اس مساوات کی خصوصیت یہ ہے کہ اس میں تفرقی سروں کی ایک سے بڑی قوت شریک نہیں ہوتی فی الحال چونکہ ہم پہلے رتبہ کی تفرقی مساواتوں پر غور کر رہے ہیں اس لئے خطی مساوات کی صورت زیر بحث یہ ہوگی

$$\text{ما}' + \text{ف ما} = \text{ق}$$

اگر اس کے دونوں جانب $\text{و}^{\int \text{ف فرلا}}$ سے ضرب دیدیا جائے تو مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\text{ما و}^{\int \text{ف فرلا}}\right) = \text{ق و}^{\int \text{ف فرلا}}$$

$$\text{پس}\quad \text{ما و}^{\int \text{ف فرلا}} = \int \text{ق و}^{\int \text{ف فرلا}}\,\text{فرلا} + \text{ر}$$

یہ لا، ما کا باہمی ربط تفرقی مساوات کو پورا کرتا ہے اور اس میں ایک اختیاری مستقل شامل ہوتا ہے۔ اس لئے یہ مطلوبہ حل ہے۔

جزو ضربی $\text{و}^{\int \text{ف فرلا}}$ کے ساتھ ضرب دینے سے مساوات کے دائیں جانب کا رکن پورا تفرقی سر ہو جاتا ہے، اس لئے اسے "متکمل جزوِ ضربی" کہتے ہیں۔

مثال ۱۔ $\text{ما}' + \text{لا ما} = \text{لا}$ کو تکمل کرو۔

متکمل جزوِ ضربی یہاں $\text{و}^{\int \text{لا فرلا}}$ یا $\text{و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}$ ہے اور اس لئے مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$$\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}\left(\text{ما و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}\right) = \text{لا و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}}$$

$$\text{یا}\quad \text{ما و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}} = \text{و}^{\frac{\text{لا}^2}{2}} + \text{ر}$$

یعنی $\text{ما} = ۱ + \text{ر}\,\text{و}^{-\frac{\text{لا}^۲}{۲}}$

مثال ۲۔ $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{۱}{\text{لا}}\,\text{ما} = \text{لا}^۲$ کو تکمل کرو۔

اس جگہ متکمل جزو ضربی $\text{و}^{\int \frac{۱}{\text{لا}}\,\text{فرلا}} = \text{و}^{\text{لوک لا}} = \text{لا}$ ہے اور مساوات

اس طرح لکھی جا سکتی ہے $\frac{\text{فر}}{\text{فرلا}}(\text{لا ما}) = \text{لا}^۳$

اور $\text{لا ما} = \frac{\text{لا}^۴}{۴} + \text{ر}$ یا $\text{ما} = \frac{\text{لا}^۳}{۴} + \frac{\text{ر}}{\text{لا}}$

۸۔ ایسی مساواتیں جو خطی صورت میں تحویل ہو سکتی ہیں

کئی مساواتیں جو دیکھنے میں خطی شکل

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ف}\,\text{ما} = \text{ق}$$

کی نہ ہوں متغیروں کو بدل لینے سے فوراً اس شکل میں لائی جا سکتی ہیں۔
ایک مشہور صورت ذیل میں مندرج ہے

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ف}\,\text{ما} = \text{ق}\,\text{ما}^{\text{ن}}$$

یا $\text{ما}^{-\text{ن}}\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ف}\,\text{ما}^{-\text{ن}+۱} = \text{ق}$

رکھو $\text{ما}^{۱-\text{ن}} = \text{ی}$

تو $\text{ما}^{-\text{ن}}\,\text{فرما} = \frac{\text{فری}}{۱-\text{ن}}$

یا $\frac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + (۱-\text{ن})\,\text{ف}\,\text{ی} = \text{ق}\,(۱-\text{ن})$

جو ایک خطی مساوات ہے اور اس کا حل یہ ہے

$$ی\, و^{(۱-ن)\int ر\, فرلا} = (۱-ن)\int ق\, و^{(۱-ن)\int ر\, فرلا}\, فرلا + ا$$

یعنی $ما^{۱-ن}\, و^{(۱-ن)\int ر\, فرلا} = (۱-ن)\int ق\, و^{(۱-ن)\int ر\, فرلا}\, فرلا + ا$

مثال ۱ — $\frac{فرما}{فرلا} + \frac{ما}{لا} = ما^{۲}$ کو تکمل کرو

یہاں $ما^{-۲}\frac{فرما}{فرلا} + \frac{ما^{-۱}}{لا} = ۱$

یا $\frac{۱}{ما} = ی$ رکھنے سے

$$\frac{فری}{فرلا} - \frac{ی}{لا} = -۱$$

اور چونکہ مکمل جزوِ ضربی $و^{-\int \frac{۱}{لا} فرلا} = و^{-لوک\, لا} = \frac{۱}{لا}$ ہے

اس لئے $\frac{فر}{فرلا}\left(\frac{ی}{لا}\right) = -\frac{۱}{لا}$

یعنی $\frac{ی}{لا} = لوک\, \frac{۱}{لا} + ا$

یعنی $\frac{۱}{ما} = ا\, لا - لا\, لوک\, لا$

مثال ۲ — مساوات $\frac{فرما}{فرلا} + لا\, جب\, ۲ما = لا^{۳}\, جتم^{۲}\, ما$ کو تکمل کرو

$جتم^{۲}\, ما$ پر تقسیم کرنے سے

$$قط^{۲}\, ما\, \frac{فرما}{فرلا} + ۲\, لا\, مس\, ما = لا^{۳}$$

رکھو $مس\, ما = ی$

تب $\frac{فری}{فرلا} + ۲لا ی = لا^۳$

مکمل جزوِ ضربی $و^{\int ۲لا فرلا}$ ہے اس لئے

$$ی و^{لا^۲} = \int لا^۳ و^{لا^۲} فرلا + ا$$

فرض کرو کہ $لا^۲ = س$

تب $۲لا فرلا = فرس$

پس $\int لا^۳ و^{لا^۲} فرلا = \frac{۱}{۲} \int س و^{س} فرس$

$$= \frac{۱}{۲} و^{س} (س-۱)$$

پس $ی \times و^{لا^۲} = \frac{۱}{۲} و^{لا^۲} (لا^۲-۱) + ا$

جو مساوات مفروضہ کا حل ہے۔

ظاہر ہے کہ اس قسم کی مساواتوں کو خطی (یا کسی اور معلومہ) صورت میں لانے کے لئے بڑی فراست اور تیز فہمی کی ضرورت ہوگی۔

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

۱- $(۱+لا^۲)\frac{فرما}{فرلا} + ما = و^{مس^{-۱} لا}$ ۲- $\frac{فرما}{فرلا} + ا ما = جب ب لا$

۳- $\frac{فرر}{فرط} + \frac{ر}{ط} = ا ط^{ن}$ ۴- $\frac{فرلا}{فرما} + \frac{لا}{ما} = ما^۲$

۵- $(۱+ما^۲) + (لا - و^{مس^{-۱} ما})\frac{فرما}{فرلا} = ۰$ ۶- $\left(\frac{و^{-۲\sqrt{لا}}}{\sqrt{لا}} - \frac{ما}{\sqrt{لا}}\right)\frac{فرلا}{فرما} = ۱$

۷۔ ثابت کرو کہ دفعہ ۷ کے حل میں کوئی زیادہ عمومیت پیدا نہیں ہوتی اگر متکمل جزوِ ضربی $\text{و}^{\int \text{ف فرلا}}$ کے حاصل کرنے میں قوت نما کے ساتھ ایک مستقل کا اضافہ کر دیا جائے۔

۸۔ ایسے منحنی معلوم کرو جن میں کارٹیزی زیرعماد ایسے بدلے جیسے سمتی نیم قطر کا مربع۔

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو

۹۔ $\dfrac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \dfrac{\text{ما}}{\text{لا}} = \dfrac{\text{ما}^{2}}{\text{لا}^{2}}$ ۱۰۔ $\dfrac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \dfrac{\text{ما}}{\text{لا}} = \dfrac{\text{ما}^{\text{ن}}}{\text{لا}^{\text{ن}}}$

۱۱۔ $\dfrac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{لا ما} = \text{لا ما}^{\text{ن}}$

۱۲۔ $\dfrac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \dfrac{1}{\text{لا}}\,\text{مس ما} = \dfrac{1}{\text{لا}^{2}}\,\text{مس ما جب ما}$ [رکھو $\text{ما} = \text{جب}^{-1}\text{ی}$]

۱۳۔ $\dfrac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + \dfrac{\text{ی}}{\text{لا}}\,\text{لوک ی} = \dfrac{\text{ی}}{\text{لا}^{2}}(\text{لوک ی})^{2}$ [رکھو $\text{ی} = \text{و}^{\text{ما}}$]

۱۴۔ $\dfrac{\text{فری}}{\text{فرلا}} + \text{لا} = \text{و}^{(\text{ن}-1)\text{ی}}$ [رکھو $\text{ی} = \text{لوک ما}$]

۱۵۔ ایسے منحنی معلوم کرو جن کے سمتی نیم قطر اور قطبی زیرمماس کے متکافیوں کا مجموعہ مستقل ہو۔

۱۶۔ ایسے منحنیات کے قبیل کی قطبی مساوات معلوم کرو جن میں سمتی نیم قطر اور قطبی زیرعماد کا مجموعہ ایسے بدلے جیسے سمتی نیم قطر کی ن ویں قوت۔

۱۷۔ ثابت کرو کہ ایسے منحنی جن میں انحناء کا نیم قطر ایسے بدلتا ہو جیسے عماد پر کے عمود کا مربع ایک ایسی جماعت سے تعلق رکھتے ہیں جس کی پائیں مساوات $\text{ر}^{2} - \text{ع}^{2} = \dfrac{\text{ع}}{\text{ک}} + \dfrac{1}{2\text{ک}} + \text{ا و}^{2\text{ک ع}}$

ہے جہاں ک ایک معلومہ اور ا اختیاری مستقل ہے۔

۱۸- ذیل کی مساواتوں کو تکمیل کرو

(۱) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \frac{۱}{\text{لا}} = \frac{\text{و}^{\text{ما}}}{\text{لا}^{۲}}$ (۲) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ا} = \bar{\text{و}}^{\text{ما}}\ \text{جب ب لا}$

(۳) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} - \frac{\text{مس ما}}{۱ + \text{لا}} = (۱ + \text{لا})\, \text{و}^{\text{لا}}\ \text{قط ما}$

(۴) $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} - \frac{\text{ف (ما)}}{\text{فَ (ما)}}\ \text{فہَ (لا)} = \frac{\text{فہ (لا) فہَ (لا)}}{\text{فَ (ما)}}$

باب دوم

پہلے رتبہ کی مساواتیں (مسلسل)

متجانس مساواتیں ۔ ایک حرف غائب

کلیروی صورت

۹۔ صورت سوم ۔ متجانس مساواتیں ۔
جو مساواتیں لا، ما میں متجانس ہوں وہ اس طرح لکھی جا سکتی ہیں

$$\text{لا}^{\text{ن}}\,\text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}\text{ ، }\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)=0$$

(ۂ) اگر ممکن ہو تو اس صورت میں ہم مساوات کو $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اس طرح اس شکل کا نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}=\text{فہ}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}\right)$$

اس میں رکھو　$\text{ما}=\text{ولا}$

تو حاصل ہوگا　$$\text{و}+\text{لا}\,\frac{\text{فرو}}{\text{فرلا}}=\text{فہ}(\text{و})$$

یا　$$\frac{\text{فرو}}{\text{فہ}(\text{و})-\text{و}}=\frac{\text{فرلا}}{\text{لا}}$$

اس طرح متغیر الگ ہو جاتے ہیں اور مساوات کا حل صورت اول کی

تحت میں آجاتا ہے۔

$$\text{پس}\quad \text{لوک ر لا} = \int \frac{\text{فر و}}{\text{فہ (و)} - \text{و}}$$

(ب) لیکن اگر $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو مساوات کو $\frac{\text{ما}}{\text{لا}}$ کے لئے حل کرنا چاہئیے، اس طرح $\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}$ کے لئے ع رکھنے سے

$$\text{ما} = \text{لا فہ (ع)} \quad \ldots\ldots\ldots (۱)$$

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے

$$\text{ع} = \text{فہ (ع)} + \text{لا فہَ (ع)} \frac{\text{فر ع}}{\text{فر لا}}$$

$$\text{یا}\quad \frac{\text{فر لا}}{\text{لا}} = \frac{\text{فہَ (ع) فر ع}}{\text{ع} - \text{فہ (ع)}}$$

اس مساوات کو تکمل کرنے سے ہم لا کو ع کے تفاعل اور ایک اختیاری مستقل کی رقوم میں بیان کرسکتے ہیں

یعنے $\text{ر لا} = \text{ف (ع)}$ فرض کرو ...... (۲)

ع کو ان مساواتوں (۱) اور (۲) سے ساقط کرنے سے حل مطلوب حاصل ہوتا ہے۔

مثال ۱۔ $(\text{لا}^۲ + \text{ما}^۲) \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \text{لا ما}$

$$\text{یہاں}\quad \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} = \frac{\text{لا ما}}{\text{لا}^۲ + \text{ما}^۲}$$

اور $\text{ما} = \text{و لا}$ رکھنے سے

$$\text{لا} \frac{\text{فر و}}{\text{فر لا}} + \text{و} = \frac{\text{و}}{۱ + \text{و}^۲}$$

یا $\text{لا}\,\frac{\text{فر و}}{\text{فر لا}} = -\frac{\text{و}^{3}}{1+\text{و}^{2}}$

∴ $\frac{\text{فر لا}}{\text{لا}} = -\left(\frac{1}{\text{و}^{3}} + \frac{1}{\text{و}}\right)\text{فر و}$

یا $\text{لوک ا لا} = \frac{1}{2\text{و}^{2}} - \text{لوک و}$

یا $\text{ا ما} = \text{ہ}^{\frac{\text{لا}^{2}}{2\text{ما}^{2}}}$

مثال ۲۔ فرض کرو کہ مساوات یہ ہے

$$\frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}} + \left(\frac{\text{فر ما}}{\text{فر لا}}\right)^{2}$$

یعنی $\text{ما} = \text{لا}\,(\text{ع} + \text{ع}^{2})$

تب $\text{ع} = (\text{ع} + \text{ع}^{2}) + \text{لا}\,(1 + 2\text{ع})\,\frac{\text{فر ع}}{\text{فر لا}}$

یا $\frac{\text{فر لا}}{\text{لا}} + \left(\frac{1}{\text{ع}^{2}} + \frac{2}{\text{ع}}\right)\text{فر ع} = 0$

جس سے حاصل ہوتا ہے $\text{لوک ا لا} + 2\,\text{لوک ع} - \frac{1}{\text{ع}} = 0$

یعنی $\text{ا لا ع}^{2} = \text{ہ}^{\frac{1}{\text{ع}}}$

$$\left\{\begin{array}{l} \frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \text{ع} + \text{ع}^{2} \\ \text{ا لا ع}^{2} = \text{ہ}^{\frac{1}{\text{ع}}} \end{array}\right.$$

اور

کا ع حاصل اسقاط حل مطلوب ہے۔

یہ حاصل اسقاط ہے $\text{لوک}\left\{\frac{\text{ا لا}}{4}\left(-1 \pm \sqrt{\frac{4\text{ما}+\text{لا}}{\text{لا}}}\right)^{2}\right\} = \frac{\text{لا}}{2\text{ما}}\left\{1 + \pm\sqrt{\frac{4\text{ما}+\text{لا}}{\text{لا}}}\right\}$

لیکن اگر جبریہ طریق پر ع کو ساقط کرنا ممکن نہ ہو یا اگر ساقط کرنے پر ایک بے ڈھنگا سا نتیجہ حاصل ہو تو عام طور پر ع والی ان مساواتوں

کو بغیر بدلے اسی شکل میں چھوڑ دیتے ہیں، اور انہیں ایسی ہمزاد مساواتیں خیال کرتے ہیں جن کا ع، حاصل استقاط تفرقی مساوات کا حل مطلوب ہے

امثلہ

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

۱- $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{\text{لا}}{\text{لا} + \text{ما}}$

۲- $(\text{۳لا} + \text{۴ما}) = (\text{۵لا} + \text{۶ما}) \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$

۳- $\text{لا}^{2} \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \text{ما}^{2}$

۴- $\text{ما} = \text{لا} \left[\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)^{3} \right]$

۵- $\text{ما} = \text{لا} \left\{ \text{ا} \left(\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)^{2} + \text{ب} \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} + \text{ج} \right\}$

۱۰- خاص صورت

مساوات $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}} = \frac{\text{ا لا} + \text{ب ما} + \text{ج}}{\text{اَ لا} + \text{بَ ما} + \text{جَ}}$ بآسانی متجانس شکل میں اس طرح لائی جاسکتی ہے

اس میں رکھو $\left. \begin{array}{l} \text{لا} = \text{ضا} + \text{ھ} \\ \text{ما} = \text{عا} + \text{ک} \end{array} \right\}$ جہاں ضا، عا متغیر ہیں اور ھ، ک مستقل۔

تب $\frac{\text{فرعا}}{\text{فرضا}} = \frac{\text{ا ضا} + \text{ب عا} + (\text{ا ھ} + \text{ب ک} + \text{ج})}{\text{اَ ضا} + \text{بَ عا} + (\text{اَ ھ} + \text{بَ ک} + \text{جَ})}$

اب ھ، ک کی قیمتیں ایسی منتخب کرو کہ $\begin{array}{l} \text{ا ھ} + \text{ب ک} + \text{ج} = ۰ \\ \text{اَ ھ} + \text{بَ ک} + \text{جَ} = ۰ \end{array}$

پس $\frac{\text{ھ}}{\text{ب جَ} - \text{بَ ج}} = \frac{\text{ک}}{\text{ج اَ} - \text{جَ ا}} = \frac{۱}{\text{ا بَ} - \text{اَ ب}}$

تب $\frac{فرعا}{فرضا} = \frac{ا ضا + ب عا}{اَ ضا + بَ عا}$

یہ مساوات متجانس ہے، اس میں ہم رکھ سکتے ہیں عا = و ضا اور متغیر حسب سابق الگ ہو سکتے ہیں۔

۱۱۔ لیکن ایک صورت میں یہ، کہ اس طرح منتخب نہیں ہو سکتے یعنی جبکہ $\frac{اَ}{ا} = \frac{بَ}{ب} \neq \frac{جَ}{ج}$

اس صورت میں فرض کرو کہ $\frac{اَ}{ا}$ = م اور ا لا + ب ما = عا

تب $\frac{فرما}{فرلا} = \frac{۱}{ب}\left(\frac{فرعا}{فرلا} - ا\right)$

پس $\left(\frac{فرعا}{فرلا} - ا\right) = ب \frac{عا + ج}{م عا + جَ}$

یا $\frac{فرعا}{فرلا} = \frac{(ا م + ب) عا + ا جَ + ب ج}{م عا + جَ}$

اور $فرلا = \frac{م عا + جَ}{(ا م + ب) عا + ا جَ + ب ج} فرعا$

متغیر اب الگ ہو سکتے ہیں اور مساوات کا تکمل عمل میں آ سکتا ہے۔

۱۲۔ ایک اور صورت قابل توجہ ہے یعنی

$\frac{فرما}{فرلا} = \frac{ا لا + ب ما + ج}{- ب لا + بَ ما + جَ}$

جہاں شمار کنندہ میں ما کا سر نسب نما میں لا کے سر کے مساوی اور مختلف العلامت ہے۔

اس صورت میں مساوات اس طرح لکھی جا سکتی ہے

$(ا لا + ج)\ فرلا + ب\ (ما\ فرلا + لا\ فرما) = (بَ ما + جَ)\ فرما$

جو ایک "ٹھیک یا حاضر" تفرقی مساوات ہے، اس کا تکملی ہے

$$\text{ر}\,\text{لا}^{2} + ۲\,\text{ج}\,\text{لا} + ۲\,\text{ب}\,\text{لا}\,\text{ما} = \text{ب}\,\text{ما}^{2} + ۲\,\text{ج}\,\text{ما} + \text{م}$$

جہاں م اختیاری مستقل ہے۔

مثال ۱۔ تکمل کرو $\frac{\text{ف ما}}{\text{ف لا}} = \frac{۲\,\text{لا} + ۳\,\text{ما} - ۸}{\text{لا} + \text{ما} - ۳}$ کو۔

رکھو $\text{لا} = \text{ضا} + \text{ھ}$، $\text{ما} = \text{عا} + \text{ک}$

پس $$\frac{\text{ف عا}}{\text{ف ضا}} = \frac{۲\,\text{ضا} + ۳\,\text{عا} + (۲\,\text{ھ} + ۳\,\text{ک} - ۸)}{\text{ضا} + \text{عا} + (\text{ھ} + \text{ک} - ۳)}$$

ھ اور ک کی قیمتیں ایسی منتخب کرو کہ

$$\left.\begin{array}{l} ۲\,\text{ھ} + ۳\,\text{ک} - ۸ = ۰ \\ \text{ھ} + \text{ک} - ۳ = ۰ \end{array}\right\} \text{یعنی } \text{ھ} = ۱،\ \text{ک} = ۲$$

تب $$\frac{\text{ف عا}}{\text{ف ضا}} = \frac{۲\,\text{ضا} + ۳\,\text{عا}}{\text{ضا} + \text{عا}}$$

اب رکھو $\text{عا} = \text{و}\,\text{ضا}$، تب

$$\text{و} + \text{ضا}\frac{\text{ف و}}{\text{ف ضا}} = \frac{۲ + ۳\,\text{و}}{۱ + \text{و}}$$

$$\therefore\ \text{ضا}\frac{\text{ف و}}{\text{ف ضا}} = \text{و} - \frac{۲ + ۳\,\text{و}}{۱ + \text{و}} = \frac{\text{و}^{2} - ۲\,\text{و} - ۲}{۱ + \text{و}}$$

$$\therefore\ \frac{\text{ف ضا}}{\text{ضا}} = \frac{\text{و} + ۱}{(\text{و} - ۱)^{2} - ۳}\,\text{ف و}$$

$$= \left[\frac{\text{و} - ۱}{(\text{و} - ۱)^{2} - ۳} + \frac{۱}{۲\sqrt{۳}}\left(\frac{۱}{\text{و} - ۱ - \sqrt{۳}} - \frac{۱}{\text{و} - ۱ + \sqrt{۳}}\right)\right]\text{ف و}$$

$$\therefore\ \text{لوک ضا} = \tfrac{۱}{۲}\,\text{لوک}\left\{(\text{و} - ۱)^{2} - ۳\right\} + \frac{۱}{۲\sqrt{۳}}\,\text{لوک}\,\frac{\text{و} - ۱ - \sqrt{۳}}{\text{و} - ۱ + \sqrt{۳}} + \text{ا}$$

جہاں $\text{ضا} = \text{لا} - ۱$ اور $\text{و} = \frac{\text{ما} - ۲}{\text{لا} - ۱}$

مثال ۲۔ تکمل کرو $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{لا} + \text{ما}}{\text{لا} + \text{ما} - ۱}$ کو

فرض کرو کہ لا + ما = ی، تب

$$\frac{\text{وی}}{\text{ولا}} = ۱ + \frac{\text{ی}}{\text{ی} - ۱} = \frac{۲\text{ی} - ۱}{\text{ی} - ۱}$$

اور $\text{ولا} = \frac{\text{ی} - ۱}{۲\text{ی} - ۱}\,\text{وی} = \frac{۱}{۲}\left[۱ - \frac{۱}{۲\text{ی} - ۱}\right]\text{وی}$

$\therefore \text{لا} = \frac{۱}{۲}\text{ی} - \frac{۱}{۴}\,\text{لوک}\,(۲\text{ی} - ۱) + \text{ا}$

جہاں $\text{ی} = \text{لا} + \text{ما}$

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو تکمل کرو۔

۱۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{۲\text{لا} + ۳\text{ما}}{۳\text{لا} + ۲\text{ما}}$

۲۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{لا} + ۲\text{ما} - ۳}{۲\text{لا} + \text{ما} - ۳}$

۳۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{۲\text{لا} + \text{ما} - ۲}{۳\text{لا} + \text{ما} - ۳}$

۴۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{الا} + \text{ب ما} - \text{ا}}{\text{ب لا} + \text{ا ما} - \text{ب}}$

۵۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{لا} + \text{ما} + ۱}{\text{لا} + \text{ما} - ۱}$

۶۔ $\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{لا} + \text{ما} + ۱}{۲\text{لا} + ۲\text{ما} + ۱}$

۷۔ $(۲\text{لا} + ۳\text{ما} - ۵)\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} + ۳\text{لا} + ۲\text{ما} - ۵ = ۰$

۸۔ $(۲\text{لا} + ۳\text{ما} - ۵)\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} + ۲\text{لا} + ۳\text{ما} - ۱ = ۰$

۹۔ ثابت کرو کہ ایک ذرہ لا، ما جو اس طرح حرکت کرتا ہے کہ

$$\frac{\text{وما}}{\text{وت}} = \text{الا} + \text{ھ ما} + \text{گ}$$

$$\frac{\text{دلا}}{\text{دت}} = -(\text{ھلا} + \text{ب ما} + \text{ف})$$

ہمیشہ ایک مخروطی تراش پر واقع ہوتا ہے۔

۱۰۔ ثابت کرو کہ عام متجانس مساوات $\text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}، \frac{\text{دما}}{\text{دلا}}\right) = ۰$ کے حل ہمیشہ متشابہ منحنیات کے قبیل کو تعبیر کرتے ہیں۔

۱۱۔ ثابت کرو کہ $\text{ف}\left(\frac{\text{ما}}{\text{لا}}، \frac{\text{دما}}{\text{دلا}}\right) = ۰$ کے حل لا، ما اور ایک مستقل کی کسی خاص قوت میں متجانس ہیں۔ برعکس اس کے اگر ایک قبیل منحنیات کے کسی رکن کی نمونہ کی مساوات لا، ما اور ایک مستقل کی کسی خاص قوت کے لحاظ سے متجانس ہو تو اس قبیل کی تفرقی مساوات بھی متجانس ہوگی اور قبیل کے منحنی سب ایک دوسرے کے متشابہ ہوں گے۔

۱۲۔ بتاؤ کہ ا، ب کی مختلف قیمتوں کے لئے منحنیات کے قبائل ذیل میں سے کون کون سے متشابہ جٹوں کو تعبیر کرتے ہیں۔

(۱) $\text{ما}^{۲} = ۴\,\text{ا}\,\text{لا}$ (۲) $\text{ما} = \text{ا}\ \text{جمز}\,\frac{\text{لا}}{\text{ا}}$

(۳) $\frac{\text{لا}^{۲}}{\text{ا}^{۲}} + \frac{\text{ما}^{۲}}{\text{ب}^{۲}} = ۱$ (۴) $\text{ما} = ۲\,\text{ا}^{۳}\ \text{لوک}\,\frac{\text{لا}}{۲\text{ا}}$

(۵) $\text{ب}\ \text{سں}^{-۱}\,\frac{\text{ما}}{\text{لا}} = \text{ا} + \text{ما}$ (۶) $\text{لا}^{۳} + \text{ما}^{۳} = ۳\,\text{ا}\,\text{لا}\,\text{ما}$

۱۳۔ صورت چہارم۔ ایک حرف غائب

لا غائب

(۱) فرض کرو کہ تفرقی مساوات میں لا موجود نہیں ہے، اس صورت

میں مساوات کی شکل یہ ہوگی

$$\text{ف}\left(\text{ما}،\ \frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}\right)=٠$$

اسے ہم $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ یا ما کے لئے جیسا مناسب ہو حل کر سکتے ہیں۔

(۱) اگر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کیا جائے تو مساوات کی صورت یہ ہوگی

$$\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}=\text{فہ}\,(\text{ما})$$

$$\text{تب}\quad \text{فرلا}=\frac{\text{فرما}}{\text{فہ}\,(\text{ما})}$$

$$\text{اور تکملی ہے}\quad \text{لا}=\int\frac{\text{فرما}}{\text{فہ}\,(\text{ما})}+\text{ل}$$

(۲) اگر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو ہم ما کے لئے حل کر سکتے ہیں، ایسا کرنے سے حاصل ہوگا $\text{ما}=\text{فہ}\,(\text{ع})$ جہاں ع تفرقی سر $\frac{\text{فرما}}{\text{فرلا}}$ کی بجائے لکھا گیا ہے۔

بلحاظ لا کے جو مساوات میں موجود نہیں تفرق کرنے سے

$$\text{ع}=\text{فہَ}\,(\text{ع})\,\frac{\text{فرع}}{\text{فرلا}}$$

$$\text{یعنی}\quad \text{فرلا}=\frac{\text{فہَ}\,(\text{ع})}{\text{ع}}\,\text{فرع}$$

$$\text{پس}\quad \text{لا}=\int\frac{\text{فہَ}\,(\text{ع})}{\text{ع}}\,\text{فرع}+\text{ل}$$

تکمل کا عمل پورا کرنے پر ہم ع کو اس مساوات اور ما = فہ (ع) سے ساقط کرتے ہیں، اسطرح مساوات مفروضہ کا حل حاصل ہوتا ہے۔

۱۴۔ ما غائب

(ب) فرض کرو کہ تفرقی مساوات میں ما موجود نہیں ہے، اس صورت میں اس کی شکل ہوگی ف (لا، $\frac{\text{ڈ ما}}{\text{ڈ لا}}$) = ۰

چونکہ $\frac{\text{ڈ ما}}{\text{ڈ لا}} = \frac{1}{\frac{\text{ڈ لا}}{\text{ڈ ما}}}$، اسلئے اوپر کی مساوات اس طرح بھی لکھی جاسکتی ہے سا (لا، $\frac{\text{ڈ لا}}{\text{ڈ ما}}$) = ۰

پس اگر ما کو متغیر متبوع مانا جائے تو دفعہ ماقبل کی تشریح کا اطلاق اس پر بھی ہوتا ہے اور وہ اس طرح ۔

(۱) بشرط سہولت $\frac{\text{ڈ لا}}{\text{ڈ ما}}$ کے لئے حل کرنے سے اس طرح کا نتیجہ حاصل ہوتا ہے

$$\frac{\text{ڈ لا}}{\text{ڈ ما}} = \text{فہ (لا)}$$

تب $$\text{ڈ ما} = \frac{\text{ڈ لا}}{\text{فہ (لا)}}$$

اور تکملی ہے $$\text{ما} = \int \frac{\text{ڈ لا}}{\text{فہ (لا)}} + \text{ر}$$

(۲) لیکن اگر $\frac{\text{ڈ لا}}{\text{ڈ ما}}$ کے لئے حل کرنا تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو

لا کے لئے حل کرنے سے ہم اس طرح کا نتیجہ حاصل کرتے ہیں لا = فہ(ق)
جہاں ق، $\frac{\text{ڈلا}}{\text{ڈما}}$ کے لئے لکھا گیا ہے۔ بلحاظ ما کے جو مساوات
میں موجود نہیں ہے تفرق کرنے سے

$$ق = فہَ(ق)\frac{\text{ڈق}}{\text{ڈما}}$$

$$\text{اس طرح}\quad \text{ڈما} = \frac{فہَ(ق)}{ق}\,\text{ڈق}$$

$$\text{اور}\quad ما = \int \frac{فہَ(ق)}{ق}\,\text{ڈق} + \text{ا}$$

تکمل کا عمل پورا کرنے پر ہمیں ق کو اس مساوات اور لا = فہ(ق) سے ساقط کرنا چاہئے؛ اس طرح تفرقی مساوات کا حل مطلوب حاصل ہوگا۔

طالب علم دیکھے کہ دونوں صورتوں میں خواہ لا موجود نہ ہو یا ما، ہم حتی الامکان سب سے پہلے $\frac{\text{ڈما}}{\text{ڈلا}}$ کے لئے حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں، لیکن اگر یہ عمل تکلیف دہ یا ناممکن ہو تو باقی ماندہ حرف کے لئے حل کرنے کے بعد ہم اُس حرف کے لحاظ سے جو مساوات میں موجود نہ ہو تفرق کرتے ہیں، پس ہر صورت میں جو حرف مساوات میں موجود نہیں ہوتا اُسے متغیر متبوع خیال کیا جاتا ہے۔

مثال ۱۔ مساوات $1 + \text{لا}^2 - \text{لا}\,\frac{\text{ڈما}}{\text{ڈلا}} = 0$ کو تکمل کرو

اسجگہ $\frac{\text{ڈلا}}{\text{ڈما}} = \frac{\text{لا}}{1+\text{لا}^2}$ یعنی $\text{ڈما} = \left(\text{لا} + \frac{1}{\text{لا}}\right)\text{ڈلا}$

اور $\text{ما} = \frac{\text{لا}^{۲}}{۲} + \text{لوک لا} + \text{ار}$ حل مطلوب ہے

مثال ۲ - حل کرو $\text{لا} \frac{\text{دما}}{\text{دلا}} = ۱ + \left(\frac{\text{دما}}{\text{دلا}}\right)^{۲}$ کو -

مساوات اس طرح لکھی جاسکتی ہے

$\text{لا} = \text{ق} + \frac{۱}{\text{ق}}$ جہاں $\text{ق} = \frac{\text{دلا}}{\text{دما}}$

یہاں مساوات میں ما موجود نہیں ہے - اس کے لحاظ سے تفرق کرتے سے

$$\text{ق} = \left(۱ - \frac{۱}{\text{ق}^{۲}}\right) \frac{\text{دق}}{\text{دما}}$$

$$\text{یا} \quad \frac{\text{دما}}{\text{دق}} = \frac{۱}{\text{ق}} - \frac{۱}{\text{ق}^{۳}}$$

$$\text{اور} \quad \text{ما} = \text{لوک ق} + \frac{۱}{۲\text{ق}^{۲}} + \text{ار}$$

اس مساوات اور مساوات $\text{لا} = \text{ق} + \frac{۱}{\text{ق}}$ کا ق، حاصل اسقاط حل مطلوب ہے -

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو

۱- $\frac{\text{دما}}{\text{دلا}} = \text{ما} + \frac{۱}{\text{ما}}$ ۲- $\frac{\text{دما}}{\text{دلا}} = \text{لا} + \frac{۱}{\text{لا}}$

۳- $\sqrt{\text{ار} + \text{لا}} \, \frac{\text{دما}}{\text{دلا}} + \text{لا} = ۰$

۴- $(۲\,\text{ارلا} + \text{لا}^{۲}) \frac{\text{دما}}{\text{دلا}} = \text{ار}^{۲} + ۲\,\text{ارلا}$

۵- $(\text{۲ ا ما} + \text{ما}^{2}) \frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}} = \text{ا}^{2} + \text{۲ ا ما}$

۶- $\text{ما} = \text{جب} \left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right) - \frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}} \text{ جم } \left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right)$

۷- $\text{ما} = \text{ا} \left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right)^{3} + \text{ب} \left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right)^{2}$

۸- $\text{لا} \left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right)^{3} = \text{ا} + \text{ب} \frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}$

۱۵- صورت پنجم — کلیروی صورت $\text{ما} = \text{لا} \frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}} + \text{ف}\left(\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}\right)$

$\frac{\text{ور ما}}{\text{ور لا}}$ کے لئے ع لکھنے سے

$\text{ما} = \text{ع لا} + \text{ف (ع)}$ .... (۱)

بلحاظ لا کے تفرق کرنے سے

$\text{ع} = \text{ع} + \text{لا} \frac{\text{ور ع}}{\text{ور لا}} + \text{فَ (ع)} \frac{\text{ور ع}}{\text{ور لا}}$

یا $\frac{\text{ور ع}}{\text{ور لا}} \left\{ \text{لا} + \text{فَ (ع)} \right\} = ۰$ .... (۲)

جس سے $\frac{\text{ور ع}}{\text{ور لا}} = ۰$ یا $\text{لا} + \text{فَ (ع)} = ۰$

اب $\frac{\text{ور ع}}{\text{ور لا}} = ۰$ سے حاصل ہوتا ہے ع = ج جہاں ج مستقل ہے

پس ما = ج لا + ف (ج) تفرقی مساوات کا ایک حل ہے جہاں ج مستقل ہے۔

نیز اگر ع کو مساوات

لا + ف (ع) = ۰ .... (۳)

سے لا کی رقوم میں معلوم کیا جائے تو ع، لا کا ایک تفاعل ہوگا اور اگر ع کی یہ قیمت مساوات (۱) میں مندرج کی جائے اور جو ایک ہی بات ہے کہ ع کو مساواتوں (۱) اور (۳) سے ساقط کیا جائے تو ہمیں لا، ما میں ایک ربط حاصل ہوگا اور یہ بھی تفرقی مساوات کو پورا کرے گا۔

اب ع کو مساواتوں

ما = ع لا + ف (ع)

۰ = لا + فَ (ع)

سے ساقط کرنا وہی بات ہے کہ ج کو مساواتوں

ما = ج لا + ف (ج)

۰ = لا + فَ (ج)

سے ساقط کیا جائے یعنی ج کی مختلف قیمتوں کے لئے خط

ما = ج لا + ف (ج) کا لفاف معلوم کیا جائے۔

اس لئے مساوات مفروضہ کے حل دو طرح کے ہیں۔

(۱) خطی حل جسے "مکمل ابتدائی" کہتے ہیں اور جس میں ایک اختیاری مستقل شامل ہوتا ہے۔

(۲) لفاف یا "نادر حل" جس میں کوئی اختیاری مستقل شامل نہیں ہوتا اور نیز یہ حل مکمل ابتدائی سے اختیاری مستقل کی جگہ کوئی خاص عددی قیمت مندرج کرنے سے حاصل نہیں ہو سکتا۔

ان حلوں کے درمیان ہندسی ربط یہ ہے کہ کامل ابتدائی خطوط کے ایک قبیل کو تعبیر کرتا ہے اور نادر حل ان کے لفاف کو۔ نادر حلوں کی بحث اس کتاب کی حدود سے باہر ہے اور مزید معلومات کے لئے طالب علم بڑے رسالوں کا مطالعہ کرے۔

مثال - حل کرو　ما = ع لا + ا/ع

کلیروی قاعدہ کی رو سے کامل ابتدائی ہے

ما = م لا + ا/م

لفاف یا نادر حل اوپر کی مساوات اور

۰ = لا - ا/م^{2}

کے درمیان م کو ساقط کرنے سے حاصل ہوگا۔

نادر حل ہے　ما^{2} = ۴ ا لا

طالب علم فوراً پہچان لیگا کہ نادر حل　ما^{2} = ۴ ا لا

مکافی کی مساوات ہے اور کامل ابتدائی　ما = م لا + ا/م

مکافی کے مماس کی مساوات ہے۔

امثلہ

ذیل کی ہر ایک صورت میں کامل ابتدائی اور لفافی حل معلوم کرو

۱- ما = ع لا + ع^{2}　　۲- ما = ع لا + ع^{3}

۳- ما = ع لا + ع^{ن}　　۴- ما = ع لا + √(ا^{2} ع^{2} + ب^{2})

۵- ما = (لا - ا) ع - ع^{2}　　۶- (ما - ع لا) (ع - ۱) = ع

۱۲- مساوات　ما = لا ف (ع) + سا (ع) .... (۱)

بھی پہلے بلحاظ لا کے تفرق کرنے پھر ع کو متغیر متبوع خیال کرنے سے حل ہو سکتی ہے۔

تفرق کرنے سے

$$\text{ع} = \text{فہ}(\text{ع}) + \text{لا}\,\text{فہَ}(\text{ع})\frac{\text{وع}}{\text{ولا}} + \text{سَا}(\text{ع})\frac{\text{وع}}{\text{ولا}}$$

جس سے $\frac{\text{ولا}}{\text{وع}} + \text{لا}\frac{\text{فہَ}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}} = -\frac{\text{سَا}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}$

جو ایک خطی مساوات ہے اور اس کا حل یہ ہے

$$\text{لا}\;\text{و}\int\frac{\text{فہَ}(\text{ع})\,\text{وع}}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}} = -\int\frac{\text{سَا}(\text{ع})}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}\;\text{و}\int\frac{\text{فہَ}(\text{ع})\,\text{وع}}{\text{فہ}(\text{ع})-\text{ع}}\;\text{وع} + \text{ا} \quad \ldots\ldots(۲)$$

اب اگر مساواتوں (۱) اور (۲) سے ع کو ساقط کیا جائے تو اصلی مساوات کا کامل ابتدائی حاصل ہوگا۔

مثال۔ حل کرو $\text{ما} = ۲\,\text{ع}\,\text{لا} + \text{ع}^{۲} \quad \ldots\ldots(۱)$

تفرق کرنے سے $\text{ع} = ۲\text{ع} + ۲\text{لا}\frac{\text{وع}}{\text{ولا}} + ۲\text{ع}\frac{\text{وع}}{\text{ولا}}$

$$\text{یا}\quad \text{ع}\frac{\text{ولا}}{\text{وع}} + ۲\text{لا} = -۲\text{ع}$$

$$\text{یعنی}\quad \frac{\text{و}}{\text{وع}}(\text{ع}^{۲}\,\text{لا}) = -۲\text{ع}^{۲}$$

جس سے حاصل ہوتا ہے $\text{ع}^{۲}\,\text{لا} = -\frac{۲}{۳}\text{ع}^{۳} - \text{ا} \quad \ldots\ldots(۲)$

اِن مساواتوں کا ع، حاصل اسقاط اس طرح حاصل ہو سکتا ہے۔ پہلے ع کے لئے مساوات (۱) کو حل کرو پھر (۲) میں مندرج کرو۔ لیکن اگر نتیجہ کو منطق صورت میں پیش کرنا مطلوب ہو تو اس طرح عمل کرو

مساوات (۲) سے $۲\text{ع}^{۳} + ۳\text{ع}^{۲}\,\text{لا} + ۳\text{ا} = ۰$

(۱) سے $\text{ع}^{۳} + ۲\text{ع}^{۲}\,\text{لا} - \text{ع}\,\text{ما} = ۰$

اس لئے $\text{ع}^{۲}\,\text{لا} - ۲\text{ع}\,\text{ما} - ۳\text{ا} = ۰$

اس مساوات اور $\text{ع}^{۲} + ۲\text{ع}\,\text{لا} - \text{ما} = ۰$ سے چلیپی ضرب سے

فرینیہ

$$\frac{ع^۲}{۲ ا^۲ + ۲ ا لا} = \frac{ع}{لا ما - ۳ ا} = \frac{۱}{۲ لا^۲ + ۲ ما}$$

جس سے حاصل اسقاط ہے $۴(ما^۲ + ۳ ا لا)(لا^۲ + ما) = (لا ما - ۳ ا)^۲$

۱۷- ع کو ساقط کرنے کا جبریہ عمل کئی صورتوں میں مشکل یا ناممکن ہوتا ہے، ایسی صورتوں میں اسقاط کا عمل فی الحقیقت نہیں کیا جاتا لیکن مساواتوں (۱) اور (۲) کو ایسی ہمزاد مساواتیں خیال کیا جاتا ہے جن کا ع، حاصل اسقاط مساوات زیر بحث کا حل مطلوب ہوتا ہے

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو

۱- $ما = ع^۲ لا + ع$

۲- $ما = ا لا ع + ع^۲$

۳- $ا = ع^۲ لا + ع^۲$

۴- $ما = (ع + ع^۲) لا + \frac{۱}{ع}$

۵- $ما = (ع + ع^ن) لا + \frac{۱}{ع^{ن-۱}}$

۶- $ما = ۲ ع لا + ع^ن$

۷- $ما = ا ع لا + ب ع^۳$

۸- ایک منحنی کے نقطہ ن پر کا مماس محور و ما سے ت پر ملتا ہے اور و ت^۲ اُس زاویۂ میلان کے مماس کے متناسب ہے جو ن ت کا و لا کے ساتھ ہے، منحنی کو معلوم کرو۔ [آکسفورڈ ۱۸۸۸ء]

۹- جو منحنی یہ خاصیت رکھتے ہیں کہ حوالہ کے محوروں پر ان کے مماسوں کے مقطوعوں کا مجموعہ مستقل ہوتا ہے اُن کی تفرقی مساوات معلوم کرو۔

کامل ابتدائی معلوم کرنے سے مماس کی مساوات اور نادر حل منحنیات زیر بحث کی مساوات معلوم کرو۔

۱۰۔ وہ منحنی معلوم کرو جن کی صورت میں اُس مثلث کا رقبہ جو مماس اور حوالہ کے محوروں کے درمیان بنتا ہے مستقل ہو۔

۱۱۔ جن منحنیات میں مماس کے اُس حصہ کا طول جو حوالہ کے محوروں کے درمیان کٹتا ہے مستقل ہو اُن کی تفرقی مساوات معلوم کرو۔ کامل، ابتدائی اور نادر حل کو حاصل کرو اور ہر ایک کی ہندسی تعبیر بتاؤ۔

۱۲۔ ایک منحنی تفرقی مساوات $ما = ع^{2} (لا - ع)$ کو پورا کرتا ہے، نیز اگر $لا = \frac{1}{2}$ تو $ع = 0$۔ منحنی کی مساوات معلوم کرو [آکسفورڈ سنہ ۱۸۸۹ء]

۱۳۔ مساوات ذیل کا کامل ابتدائی اور نادر حل معلوم کرو

$$و^{3لا} \left(ما - \frac{ور ما}{ور لا} \right) = ج \left\{ و^{2لا} + \left(\frac{ور ما}{ور لا} \right)^{2} \right\}^{\frac{3}{2}} \quad [\text{آکسفورڈ سنہ ۱۸۹۰}]$$

۱۴۔ ثابت کرو کہ اگر $لا^{2} = س$ اور $ما^{2} = ت$ تو مساوات ذیل

$$ا\,لا\,ما\,ما'^{2} + (لا^{2} - ا\,ما^{2} - ب)\,ما' - لا\,ما = 0$$

کلیروی شکل میں تحویل ہو سکتی ہے۔
اس طرح سے اس کا کامل ابتدائی اور نادر حل معلوم کرو۔ نتیجہ کی تعبیر بیان کرو۔

باب سوم

دوسرے رتبہ کی تفرقی مساواتیں

ٹھیک یا حاضر تفرقی مساواتیں

۱۸۔ دوسرے رتبہ کی مساوات

اب ہم دوسرے رتبہ کی تفرقی مساوات پر بحث کرینگے

$$\text{فہ}\left(\text{لا}،\ \text{ما}،\ \text{ما}_1،\ \text{ما}_2\right) = 0$$

اِس کے حل کرنے کا کوئی **عام** طریقہ نہیں ہے، مگر اس کی خاص صورتوں کا حل کرنا چنداں مشکل نہیں۔

۱۹۔ صورت اول فرض کرو کہ یہ خطی مساوات ہے

اسکی نمونہ کی صورت ہوگی $\dfrac{\text{و}^2\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}^2} + \text{ف}\,\dfrac{\text{و}\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}} + \text{ق}\ \text{ما} = \text{ر}$

جہاں ف، ق، ر متغیر لا کے تفاعل ہیں۔

اس مساوات کو حل کرنے کی تدبیر یہ ہے کہ پہلے ر کو حذف کرکے مساوات

$$\frac{\text{و}^2\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}^2} + \text{ف}\,\frac{\text{و}\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}} + \text{ق}\ \text{ما} = 0$$

کا کوئی حل معلوم کیا جائے یا ویسے ہی بھانپ لیا جائے۔

فرض کروکہ $\text{ما} = \text{فہ}(\text{لا})$ اس کا ایک حل ہے، اصلی مساوات میں رکھو

$$\text{ما} = \text{ی}\ \text{فہ}(\text{لا})$$

$$\text{ما}_1 = \text{ی}_1\ \text{فہ}(\text{لا}) + \text{ی}\ \text{فہ}'(\text{لا})$$

$$\text{ما}_2 = \text{ی}_2\,\text{فہ}(\text{لا}) + 2\,\text{ی}_1\,\text{فہ}'(\text{لا}) + \text{ی}\,\text{فہ}''(\text{لا})$$

ان قیمتوں کو مندرج کرنے سے

$$\text{ی}_2\,\text{فہ}(\text{لا}) + 2\,\text{ی}_1\,\text{فہ}'(\text{لا}) + \text{ی}\,\text{فہ}''(\text{لا}) + \text{ق}_1\,\text{ی}_1\,\text{فہ}(\text{لا}) + \text{ق}_1\,\text{ی}\,\text{فہ}'(\text{لا}) + \text{ق}_2\,\text{ی}\,\text{فہ}(\text{لا}) = \text{ر}$$

لیکن $\text{فہ}''(\text{لا}) + \text{ق}_1\,\text{فہ}'(\text{لا}) + \text{ق}_2\,\text{فہ}(\text{لا}) = 0$ حسب مفروض

اس لئے $$\text{ی}_2 + \left\{\frac{2\,\text{فہ}'(\text{لا})}{\text{فہ}(\text{لا})} + \text{ق}_1\right\}\text{ی}_1 = \frac{\text{ر}}{\text{فہ}(\text{لا})}$$

جو ی_1 کے لئے خطی مساوات ہے

مُتکمِل جزو ضربی ہے

$$\text{و}^{\int\left(\text{ق}_1 + 2\frac{\text{فہ}'(\text{لا})}{\text{فہ}(\text{لا})}\right)\text{د لا}} \quad \text{یا} \quad [\text{فہ}(\text{لا})]^2\,\text{و}^{\int \text{ق}_1\,\text{د لا}}$$

اور پہلا تکملی ہے

$$\text{ی}_1\{\text{فہ}(\text{لا})\}^2\,\text{و}^{\int \text{ق}_1\,\text{د لا}} = \int \text{ر}\{\text{فہ}(\text{لا})\}\,\text{و}^{\int \text{ق}_1\,\text{د لا}}\,\text{د لا} + \text{ا}$$

جس سے دوسرا تکملی اور اس لئے تفرقی مساوات کا حل حاصل ہو سکتا ہے

مثال — اس مساوات کو حل کرو $$\frac{\text{د}^2\text{ما}}{\text{د لا}^2} + \text{لا}^3\frac{\text{د ما}}{\text{د لا}} - \text{لا}^2\,\text{ما} = \text{لا}^3\,\text{و}^{-\frac{\text{لا}^4}{4}}$$

یہاں ما = لا مساوات $\frac{\text{د}^2\text{ما}}{\text{د لا}^2} + \text{لا}^3\frac{\text{د ما}}{\text{د لا}} - \text{لا}^2\,\text{ما} = 0$ کا ایک حل ہے

اس لئے رکھو $\text{ما} = \text{لا ی}$

تب $\text{ما}_1 = \text{لا}\,\text{ی}_1 + \text{ی}$

اور $\text{ما}_2 = \text{لا}\,\text{ی}_2 + 2\,\text{ی}_1$

اس لئے $$\text{لا}\,\text{ی}_2 + 2\,\text{ی}_1 + \text{لا}^3(\text{لا}\,\text{ی}_1 + \text{ی}) - \text{لا}^2(\text{لا ی}) = \text{لا}^3\,\text{و}^{-\frac{\text{لا}^4}{4}}$$

$$ی_۲ + (\frac{۲}{لا} + لا^۳) ی_۱ = لا^۲ و^{-\frac{لا^۴}{۴}}$$

اور تکمل جزو ضربی ہے $و^{\int(\frac{۲}{لا}+لا^۳) دلا}$ یا $لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}}$

پس $\frac{د}{دلا}(ی_۱ لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}}) = لا^۴$

اور $ی_۱ لا^۲ و^{\frac{لا^۴}{۴}} = \frac{لا^۵}{۵} + ا$

یعنی $ی_۱ = \frac{۱}{۵} لا^۳ و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + \frac{ا}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}}$

جس سے $ی = -\frac{۱}{۵} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + ا\int \frac{۱}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} دلا + ب$

اور حل مطلوب ہے $ما = -\frac{لا}{۵} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} + ا لا \int \frac{۱}{لا^۲} و^{-\frac{لا^۴}{۴}} دلا + ب لا$

۲۰ ـ صورت دوم ـ ایک حرف غائب

(ا) اگر مساوات میں لا موجود نہ ہو تو فرض کرو کہ $ما_۱ = ع$

تب $ما_۲ = \frac{دع}{دلا} = ع \frac{دع}{دما}$

اس طرح مساوات $ف(ما، ما_۱، ما_۲) = ۰$ ہو جاتی ہے

$$ف(ما، ع، ع\frac{دع}{دما}) = ۰$$

اور یہ پہلے رتبہ کی مساوات ہے ـ

(ب) اگر ما موجود نہو تو فرض کرو کہ $ما_۱ = ع$

$$\text{تب } \text{ما}_۲ = \frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}}$$

اور فہ (لا، ما، ما۲) = ۰ ہو جاتی ہے

$$\text{فہ}\left(\text{لا، ع، } \frac{\text{ورع}}{\text{ورلا}}\right) = ۰$$

اور یہ پہلے رتبہ کی مساوات ہے۔

مثال ۱۔ مساوات ما ما۲ + ما۱^۲ = ۲ ما^۲ کو حل کرو۔

یہاں مساوات میں لا موجود نہیں ہے، پس رکھو ما۱ = ع اور ما۲ = ع $\frac{\text{ورع}}{\text{ورما}}$

اسطرح ما ع $\frac{\text{ورع}}{\text{ورما}}$ + ع^۲ = ۲ ما^۲

یا $\frac{\text{ورع}^۲}{\text{ورما}} + \frac{۲}{\text{ما}}\text{ع}^۲ = ۴\text{ما}$

تکمل جزو ضربی ہے $\text{و}^{\int \frac{۲}{\text{ما}}\text{ورما}} = \text{ما}^۲$

اس لئے $\frac{\text{ور}}{\text{ورما}}(\text{ع}^۲\,\text{ما}^۲) = ۴\text{ما}^۳$

یا ع^۲ ما^۲ = ما^۴ + مستقل = ما^۴ + ل^۴ (فرض کرو)

$$\text{اس لئے } \frac{\text{ما ورما}}{\sqrt{\text{ما}^۴ + \text{ل}^۴}} = \text{ورلا}$$

یا جبز$^{-1}$ $\frac{ما^۲}{ا^۲}$ = ۲لا + ا

یعنی ما^۲ = ا^۲ جبز (۲لا + ا)

مثال ۲ - حل کرو ۱ + ما$_۱^۲$ = لا ما$_۲$ ما$_۱$ کو

یہاں مساوات میں ما موجود نہیں ہے، پس رکھو ما$_۱$ = ع

اس طرح ۱ + ع^۲ = لا ع $\frac{دع}{دلا}$

یا $\frac{دلا}{لا} = \frac{ع\ دع}{۱ + ع^۲}$

یعنی لوک لا = لوک $\sqrt{۱ + ع^۲}$ + مستقل

۱ + ع^۲ = $\frac{لا^۲}{ا^۲}$ (فرض کرو)

یا ا دما = $\sqrt{لا^۲ - ا^۲}$ دلا

جس سے حاصل ہوتا ہے ا ما = $\frac{لا\sqrt{لا^۲ - ا^۲}}{۲} - \frac{ا^۲}{۲}$ جمز$^{-1}$ $\frac{لا}{ا}$ + ب

جہاں ا اور ب اختیاری مستقل ہیں۔

امثلہ

ذیل کی مساواتوں کو حل کرو۔

۱- لا ما$_۲$ = ۱

۲- ۱ + ما$_۱^۲$ = ما ما$_۲$

۳- ۱ + ما$_۱^۲$ = لا^۲ ما$_۲^۲$

۴- ۹ ما$_۲^۲$ = ۴ ما$_۱$

۵- ا ما$_۲$ = (۱ + ما$_۱^۲$)$^{۳/۲}$

۶- ما$_۲$ + ما$_۱^۲$ + ما = ۰

۷- $\text{ما}\,\text{ما}_{۲} + \text{ما}_{۱}^{۲} + \text{لا} = ۰$ ‏ ‏ ۸- $\text{ما}_{۲} + \text{لا}\,\text{ما}_{۱} - \text{ما} = \frac{۱}{\text{لا}}$ و $-\frac{\text{لا}^{۲}}{۲}$

۹- $\text{ما}\,\text{ما}_{۲} = \text{ما}_{۱}^{۳} - \text{ما}_{۱}$ (آکسفورڈ ۱۸۸۹ء)

۱۰- مساوات $(۱ - \text{ما}^{۲})\frac{\text{د}^{۲}\text{ما}}{\text{دلا}^{۲}} - \text{ما}\left(\frac{\text{دما}}{\text{دلا}}\right)^{۲} = ۲\,\text{ما}^{۳}$ کو حل کرو، معلوم ہے

$\frac{\text{دما}}{\text{دلا}} = ۰$ جبکہ $\text{ما} = ۰$۔ [آکسفورڈ ۱۸۹۰ء]

۱۱- یہ معلوم ہے کہ $\text{لا}^{۲}$، ما کی ایک قیمت ہے جو مساوات ذیل کو پورا کرتی ہے

$$\text{لا}^{۲}(\text{لوک لا} - ۱)\frac{\text{د}^{۲}\text{ما}}{\text{دلا}^{۲}} - \text{لا}(۲\,\text{لوک لا} - ۱)\frac{\text{دما}}{\text{دلا}} + ۲\,\text{ما لوک لا} = ۰$$

اس کا پورا حل معلوم کرو [آئی، سی، ایس ۱۸۹۴ء]

۲۱- عام خطی مساوات۔ کسی ایک رقم کا نکال دینا

اب ہم زیادہ عام مساوات

$$\text{ما}_{\text{ن}} + \text{ف}_{۱}\,\text{ما}_{\text{ن}-۱} + \text{ف}_{۲}\,\text{ما}_{\text{ن}-۲} + \dots + \text{ف}_{\text{ن}}\,\text{ما} = \text{ق}$$

پر غور کرتے ہیں جہاں $\text{ف}_{۱}$، $\text{ف}_{۲}$، ..... ق، لا کے معلومہ تفاعل ہیں
رکھو $\text{ما} = \text{وی}$

تب $\text{ما}_{۱} = \text{دی}_{۱} + \text{وی}$

$\text{ما}_{۲} = \text{دی}_{۲} + ۲\,\text{وی}_{۱} + \text{و}_{۲}\text{ی}$ وغیرہ

اسی طرح $\text{وی}_{\text{ن}} + \text{ن}\,\text{و}_{۱}\text{ی}_{\text{ن}-۱} + \frac{\text{ن}(\text{ن}-۱)}{۱ \times ۲}\text{و}_{۲}\text{ی}_{\text{ن}-۲} + \dots + \text{و}_{\text{ن}}\text{ی}$

$+ \text{ف}_{۱}\text{وی}_{\text{ن}-۱} + (\text{ن}-۱)\text{ف}_{۱}\text{و}_{۱}\text{ی}_{\text{ن}-۲} + \dots + \text{ف}_{۱}\text{و}_{\text{ن}-۱}\text{ی}$

$+ف_{۲}\,و\,ی_{ن-۲} + \dots + ف_{ن-۲}\,و_{۲}\,ی$

....

$+ف_{ن}\,و\,ی = ق$

$ی_{ن-۱}$ کا سر $ن\,و_{۱} + ف_{۱}\,و$ ہے۔

اگر و کو اس طرح منتخب کیا جائے کہ

$$\frac{و_{۱}}{و} = -\frac{ف_{۱}\,و_{لا}}{ن} \quad یا \quad و = و^{-\int \frac{ف_{۱}\,و_{لا}}{ن}}$$

تو جس رقم میں $ی_{ن-۱}$ واقع ہوتا ہے وہ خارج ہو جاتی ہے
اسی طرح اگر و کو اس طرح منتخب کیا جائے کہ تفرقی مساوات

$$\frac{ن(ن-۱)}{۱\times۲}\,و_{۲} + (ن-۱)\,ف_{۱}\,و_{۱} + ف_{۲}\,و = ۰$$

پوری ہو تو وہ رقم جس میں $ی_{ن-۲}$ واقع ہوتا ہے خارج ہو جاتی ہے۔
ی کا سر ہے

$$و_{ن} + ف_{۱}\,و_{ن-۱} + ف_{۲}\,و_{ن-۲} + \dots + ف_{ن}\,و$$

اگر و کی ایک قیمت معلوم ہو سکے یا ویسے ہی بھانپ لی جا سکے جو اوپر کے جملہ کو صفر بنا دے تو $ی_{۱} = عا$ اور اس لئے $ی_{۲} = عا_{۱}$ اور $ی_{ن} = عا_{ن-۱}$ رکھنے سے مساوات کا درجہ بقدر ایک کے کم ہو سکتا ہے۔ طالب علم دیکھے کہ یہ جملہ شکل میں وہی ہے جو مساوات معلومہ کے دائیں جانب کا رکن ہے۔
اس لئے اگر مساوات کا کوئی حل ما = و کسی طرح سے معلوم ہو سکے جبکہ اس کا بایاں رکن حذف کیا جائے تو ما = و ی رکھنے سے اور پھر $ی_{۱} = عا$ فرض کرنے سے ہم مساوات کا ایک رتبہ کم کر سکتے ہیں۔

۲۲ - صورت آئینی

جیسا اوپر بیان ہوا درجۂ دوم کی مساوات

$$ما_{2} + ف_{1} ما_{1} + ف_{2} ما = ق$$

میں $ما = و^{-\frac{1}{2}\int ف_{1} \, د لا}$ ہی مندرج کرنے سے اصلی مساوات

بعض اوقات سادہ صورت

$$\bar{ی}_{2} + \bar{ف}\, ی = \bar{ق}$$

میں تحویل ہو سکتی ہے۔

لیکن اس مساوات کا عام حل ابھی تک نہیں حاصل کیا گیا۔

"ٹھیک" یا حاضر تفرقی مساوات

۲۳ - اگر $ن < ق$ تو $لا^{ن} \frac{د^{ق} ما}{د لا^{ق}}$ کامل تفرقی ہے

اور ما خواہ کچھ ہی ہو یہ تکمل ہو سکتا ہے

کیونکہ اگر $\frac{د^{ق} ما}{د لا^{ق}}$ کو $ما_{ق}$ سے تعبیر کیا جائے تو

$$\int لا^{ن} ما_{ق}\, د لا = لا^{ن} ما_{ق-1} - ن \int لا^{ن-1} ما_{ق-1}\, د لا$$

$$\int لا^{ن-1} ما_{ق-1}\, د لا = لا^{ن-1} ما_{ق-2} - (ن-1) \int لا^{ن-2} ما_{ق-2}\, د لا$$

وغیرہ

$$\int لا\, ما_{ق-ن+1}\, د لا = لا\, ما_{ق-ن} - \int ما_{ق-ن}\, د لا = لا\, ما_{ق-ن} - ما_{ق-ن-1}$$

اس طرح $\int لا^{ن} ما_{ق}\, د لا = لا^{ن} ما_{ق-1} - ن لا^{ن-1} ما_{ق-2} + ن(ن-1) لا^{ن-2} ما_{ق-3} - \ldots$

$$\ldots\ldots + (-1)^{ن} \, ا_ن \, ما_{ن-ن-1}$$

ظاہر ہے کہ جب ق = ن یا > ن تو تکمل عمل میں نہیں آسکتا۔

۴۴- اوپر کے مسئلہ ابتدائی یا تمہیدیہ کی مدد سے ہم اکثر جلدی دیکھ سکتے ہیں کہ مساوات معلومہ حاضر مساوات ہے یا نہیں۔ کیونکہ اگر سب سے پہلے تمام رقمیں اس شکل (لا^{ن} ما$_{ق}$) کی جن میں ن > ق الگ کر لی جائیں تو اکثر اوقات فقط دیکھنے ہی سے ہم فوراً بتا سکتے ہیں کہ باقی ماندہ ارقام کامل تفرقی سر نباتی ہیں یا نہیں۔

مثال لا^{۲} ما$_{۵}$ + لا^{۲} ما$_{۴}$ + لا ما$_{۱}$ + ما = جب لا

اس جگہ تمہیدیہ کی بنا پر لا^{۲} ما$_{۵}$ اور لا^{۳} ما$_{۴}$ کامل تفرقی سر ہیں اور ظاہر ہے کہ لا ما$_{۱}$ + ما بھی لا ما کا کامل تفرقی سر ہے، اس لئے اس مساوات کا پہلا تفرقی حسب ذیل ہے۔

لا^{۲} ما$_{۴}$ - ۲لا ما$_{۳}$ + ۲ما$_{۲}$ + لا^{۳} ما$_{۳}$ - ۳لا^{۲} ما$_{۲}$ + ۶لا ما$_{۱}$ - ۶ما + لا ما = -جم لا + ا

۴۵- جانچ کا زیادہ عام طریقہ

حاضر تفرقی مساوات کو پرکھنے کا عام طریقہ حسب ذیل ہے جبکہ مساوات عام صورت

$$ف ما_ن + ف_۱ ما_{ن-۱} + ف_۲ ما_{ن-۲} + \ldots\ldots + ف_ن ما = و$$

میں دی گئی ہو جہاں ف، ف$_۱$، ف$_۲$ ..... ف$_ن$ کسی شکل کے لا کے تفاعل ہیں۔

اگر تفرقیوں کو زیروں سے تعبیر کیا جائے تو تکمل بالحصص سے

$$\int ف_ن \, ما \, د لا = \int ف_ن \, ما \, د لا$$

$$\int \text{ف}_{\text{ن}-۱}\,\text{ما}\,\text{فرلا} = \text{ف}_{\text{ن}-۱}\,\text{ما} - \int \text{فَ}_{\text{ن}-۱}\,\text{ما}\,\text{فرلا}$$

$$\int \text{ف}_{\text{ن}-۲}\,\text{ما}_۲\,\text{فرلا} = \text{ف}_{\text{ن}-۲}\,\text{ما}_۱ - \text{فَ}_{\text{ن}-۲}\,\text{ما} + \int \text{فً}_{\text{ن}-۲}\,\text{ما}\,\text{فرلا}$$

$$\int \text{ف}_{\text{ن}-۳}\,\text{ما}_۳\,\text{فرلا} = \text{ف}_{\text{ن}-۳}\,\text{ما}_۲ - \text{فَ}_{\text{ن}-۳}\,\text{ما}_۱ + \text{فً}_{\text{ن}-۳}\,\text{ما} - \int \text{فٌ}_{\text{ن}-۳}\,\text{ما}\,\text{فرلا}$$

وغیرہ وغیرہ

اس لئے جمع کرنے پر ظاہر ہے کہ اگر

$$\text{ف}_{\text{ن}} - \text{فَ}_{\text{ن}-۱} + \text{فً}_{\text{ن}-۲} - \text{فٌ}_{\text{ن}-۳} + \ldots\ldots = ۰$$

تو مساوات مفروضہ حاضر مساوات ہے اور اس کا پہلا تفرقی ہے

$$(\text{ف}_{\text{ن}-۱} - \text{فَ}_{\text{ن}-۲} + \text{فً}_{\text{ن}-۳} - \ldots\ldots)\,\text{ما} + (\text{ف}_{\text{ن}-۲} - \text{فَ}_{\text{ن}-۳} + \ldots\ldots)\,\text{ما}_۱$$

$$+ (\text{ف}_{\text{ن}-۳} - \ldots\ldots)\,\text{ما}_۲ + \ldots\ldots = \int \text{د}\,\text{فرلا} + \text{ک}$$

مثال کیا مساوات $\text{لا}^۴\,\text{ما}_۴ + ۱۲\,\text{لا}^۳\,\text{ما}_۳ + ۳۶\,\text{لا}^۲\,\text{ما}_۲ + ۲۴\,\text{لا}\,\text{ما} = \text{جب}\,\text{لا}$ حاضر مساوات ہے؟

حاضر مساوات کو جانچنے کے طریقہ کے موافق ہم دیکھتے ہیں کہ

$$\text{ف}_۳ = ۲۴\,\text{لا}،\ \text{ف}_۲ = ۳۶\,\text{لا}^۲،\ \text{ف}_۱ = ۱۲\,\text{لا}^۳،\ \text{ف} = \text{لا}^۴$$

اور $\text{ف}_۳ - \text{فَ}_۲ + \text{فً}_۱ - \text{فٌ} = ۲۴\,\text{لا} - ۷۲\,\text{لا} + ۷۲\,\text{لا} - ۲۴\,\text{لا} = ۰$

معلوم ہوا کہ یہ حاضر مساوات ہے اور اس کا پہلا تکملی ہے

$$(۳۶\,\text{لا}^۲ - ۳۶\,\text{لا}^۲ + ۱۲\,\text{لا}^۲)\,\text{ما} + (۱۲\,\text{لا}^۳ - ۴\,\text{لا}^۳)\,\text{ما}_۱ + \text{لا}^۴\,\text{ما}_۲ = -\text{جم}\,\text{لا} + \text{ک}$$

یا

$$۱۲\,\text{لا}^۲\,\text{ما} + ۸\,\text{لا}^۳\,\text{ما}_۱ + \text{لا}^۴\,\text{ما}_۲ = -\text{جم}\,\text{لا} + \text{ک}$$

دایاں رکن کامل تفرقی سر ہوگا اگر

۱۲ لا۲ − ۲۴ لا۲ + ۱۲ لا۲ = ۰

شرط پوری ہوتی ہے، پس دوسرا تکملی ہے

(۸ لا۳ − ۴ لا۳) ما + لا۴ ما۱ = − جب لا + ا لا + ب

یا ۴ لا۳ ما + لا۴ ما۱ = − جب لا + ا لا + ب

جسے پھر جانچنے سے ہم دیکھتے ہیں کہ دایاں رکن کامل تفرقی سر ہے، پس تیسرا تکملی ہے

$$لا^۴ ما = جم لا + \frac{ا لا^۲}{۲} + ب لا + ج$$

امثلہ

۱۔ ثابت کرو کہ لا۵ ما۲ + ۱۵ لا۴ ما۱ + ۶۰ لا۳ ما۱ + ۶۰ لا۲ ما = ق لا حاضر مساوات ہے، اسے پورے طور پر حل کرو۔

۲۔ مساوات ذیل کو حل کرو

لا۲ ما۳ + ۶ لا ما۲ + ۶ ما۱ + جب لا (ما۲ − ۳ ما۱) + جم لا (۳ ما۱ − ما) = جب لا

۳۔ ذیل کی مساواتوں کے پہلے تکملی معلوم کرو۔

(ا) لا۳ ما۲ + لا ما۱ + ما = ق لا

(ب) لا۳ ما۲ + لا ما۱ − ما = لا۲ ق لا

(ج) لا۵ ما۱ + لا۴ ما۵ + ما ما۱ + لا = لوک لا

۴۔ اگر مساوات ف۲ ما + ف۱ ما۱ + ف ما۲ = و کا ایک مکمل جزو ضربی

مہ ہو تو ثابت کرو کہ مہ ذیل کی تفرقی مساوات کو پورا کرتا ہے

$$\text{ف}_{۲}\,\text{مہ} - \frac{\text{و}}{\text{ولا}}(\text{ف}_{۱}\,\text{مہ}) + \frac{\text{و}^{۲}}{\text{ولا}^{۲}}(\text{ف}\,\text{مہ}) = ۰$$

باب چہارم

مستقل سروں والی خطی تفرقی مساواتیں

۲۶ - عام خطی تفرقی مساوات

ن، ویں رتبہ کی عام خطی تفرقی مساوات کی شکل ہے

$$\frac{\text{و}^{\text{ن}}\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}}} + \text{ف}_{۱}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۱}\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}-۱}} + \text{ف}_{۲}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۲}\,\text{ما}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}-۲}} + \cdots\cdots + \text{ف}_{\text{ن}}\,\text{ما} = \text{و} \quad ...(۱)$$

جہاں $\text{ف}_{۱}$، $\text{ف}_{۲}$، $\text{ف}_{۳}$ ...... $\text{ف}_{\text{ن}}$ اور و، لا کے معلوم تفاعل ہیں۔
فرض کرو کہ مساوات کا کوئی خاص حل ما = ف (لا) ایسے ہی بجانچ لیا گیا ہے یا کسی طرح سے معلوم کر لیا گیا ہے۔
تب اگر ما = ف (لا) + ی مساوات میں مندرج کیا جائے تو حاصل ہوگا

$$\frac{\text{و}^{\text{ن}}\,\text{ی}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}}} + \text{ف}_{۱}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۱}\,\text{ی}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}-۱}} + \text{ف}_{۲}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۲}\,\text{ی}}{\text{و}\,\text{لا}^{\text{ن}-۲}} + \cdots\cdots + \text{ف}_{\text{ن}}\,\text{ی} = ۰ \quad ...(۲)$$

فرض کرو کہ $\text{ی} = \text{ی}_{۱}$، $\text{ی} = \text{ی}_{۲}$، ..... $\text{ی} = \text{ی}_{\text{ن}}$ اس مساوات کے حل ہیں

تب ظاہر ہے کہ $\text{ی} = \text{ا}_{۱}\text{ی}_{۱} + \text{ا}_{۲}\text{ی}_{۲} + \text{ا}_{۳}\text{ی}_{۳} + \cdots\cdots + \text{ا}_{\text{ن}}\text{ی}_{\text{ن}}$

بھی مساوات (۲) کا حل ہے اور اس میں ن مستقل $\text{ا}_{۱}$، $\text{ا}_{۲}$، $\text{ا}_{۳}$ ... $\text{ا}_{\text{ن}}$ شامل ہیں۔

اسلئے $\text{ما} = \text{ا}_{۱}\text{ی}_{۱} + \text{ا}_{۲}\text{ی}_{۲} + \text{ا}_{۳}\text{ی}_{۳} + \cdots\cdots + \text{ا}_{\text{ن}}\text{ی}_{\text{ن}} + \text{ف}\,(\text{لا})$

مساوات کا ایک ایسا حل ہے جس میں ن مستقل شامل ہیں اور اس لئے

یہ مساوات کا عام سے عام حل ہے، مساوات کا اس سے زیادہ عام حل نہیں معلوم کیا گیا ہے۔

اس کا حصہ ف (لا) **خاص تکملی** (خ، ک) کہلاتا ہے اور اس کے باقی ماندہ حصہ کو جس میں ن مستقل شامل ہیں **متمم تفاعل** (م، ت) کہتے ہیں، ظاہر ہے کہ متمم تفاعل اس مساوات کا حل ہے جو اصلی مساوات میں بائیں رکن کو صفر کے مساوی رکھنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اگر یہ دونوں حل معلوم ہو جائیں تو مساوات کا پورا حل ان کا مجموعہ ہے۔

۲۷۔ دو مشہور صورتیں دو صورتیں ہیں جن کے حل بالعموم آسانی سے حاصل ہو سکتے ہیں۔

(۱) جب مقداریں $\text{ف}_{\text{۱}}$، $\text{ف}_{\text{۲}}$ ...... $\text{ف}_{\text{ن}}$ سب مستقل ہوں

(۲) جب مساوات، ذیل کی شکل اختیار کرے

$$\text{لا}^{\text{ن}}\frac{\text{ف}^{\text{ن}}\,\text{ما}}{\text{ف}\,\text{لا}^{\text{ن}}}+\text{ا}_{\text{۱}}\,\text{لا}^{\text{ن-۱}}\frac{\text{ف}^{\text{ن-۱}}\,\text{ما}}{\text{ف}\,\text{لا}^{\text{ن-۱}}}+\text{ا}_{\text{۲}}\,\text{لا}^{\text{ن-۲}}\frac{\text{ف}^{\text{ن-۲}}\,\text{ما}}{\text{ف}\,\text{لا}^{\text{ن-۲}}}+\cdots+\cdots+\text{ا}_{\text{ن}}\,\text{ما}=\text{ص}$$

جہاں $\text{ا}_{\text{۱}}$، $\text{ا}_{\text{۲}}$ ...... $\text{ا}_{\text{ن}}$ مستقل ہیں اور ص، لا کا کوئی تفاعل ہے۔

آگے چلکر معلوم ہوگا کہ دوسری صورت کا حل ایک ایسی مساوات کے حل پر موقوف ہو سکتا ہے جو پہلی قسم کے تحت میں آتی ہیں۔

مستقل سروں والی مساواتیں۔ متمم تفاعل

۲۸۔ سب سے پہلے ہم اس طرح کی مساوات

$$\text{ما}_{\text{ن}}+\text{ا}_{\text{۱}}\,\text{ما}_{\text{ن-۱}}+\text{ا}_{\text{۲}}\,\text{ما}_{\text{ن-۲}}+\cdots\cdots+\text{ا}_{\text{ن}}\,\text{ما}=0\ \cdots\cdots(1)$$

کا حل معلوم کرتے ہیں جس میں تمام سر مستقل مقداریں ہیں اور بایاں رکن صفر ہے، یعنی فی الحال ہم صرف "متمم تفاعل" معلوم کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

آزمائش کے طور پر فرض کرو کہ $ما = ا و^{م لا}$ مساوات کا حل ہے، اسے مندرج کرنے سے حاصل ہوگا

$$م^{ن} + ا_{1} م^{ن-1} + ا_{2} م^{ن-2} + \cdots\cdots + ا_{ن} = ۰ \cdots\cdots (۲)$$

فرض کرو کہ اس مساوات کی اصلیں

$$م_{1}،\ م_{2}،\ م_{3}، \cdots\cdots م_{ن}$$

ہیں جنہیں ہم فی الحال ایک دوسرے کے نا مساوی فرض کرتے ہیں

تب $ا_{1} و^{م_{1} لا}،\ ا_{2} و^{م_{2} لا}،\ ا_{3} و^{م_{3} لا}، \cdots\cdots ا_{ن} و^{م_{ن} لا}$

تمام حل ہیں اور اس لئے

$$ما = ا_{1} و^{م_{1} لا} + ا_{2} و^{م_{2} لا} + ا_{3} و^{م_{3} لا} + \cdots\cdots + ا_{ن} و^{م_{ن} لا} \cdots\cdots (۳)$$

ایک ایسا حل ہے جس میں ن اختیاری مستقلات $ا_{1}، ا_{2}، ا_{3}، \cdots ا_{ن}$ شامل ہیں اور یہ عام سے عام حل ہے جو حاصل ہو سکتا ہے۔

۲۹ ۔ دو اصلیں مساوی

اگر مساوات (۲) کی دو اصلیں مساوی ہوں مثلاً $م_{1} = م_{2}$ تو حل (۳) کی پہلی دو رقمیں ہو جاتی ہیں $(ا_{1} + ا_{2})\, و^{م_{1} لا}$،

اب چونکہ $ا_{1} + ا_{2}$ ایک ہی مستقل ہے، اس لئے اختیاری مستقلات کی تعداد میں ایک کی کمی ہو جاتی ہے اور اس لحاظ سے (۳) مساوات

مذکورہ کا عام سے عام حل نہیں رہتا۔

اب ہم اسے زیادہ غور سے دیکھتے ہیں

فرض کرو کہ $\text{م}_۲ = \text{م}_۱ + \text{ھ}$

تب $\text{ا}_۱ \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ا}_۲ \text{و}^{(\text{م}_۱ + \text{ھ})\text{لا}}$

$$= \text{ا}_۱ \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ا}_۲ \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} \left(۱ + \text{ھ لا} + \frac{\text{ھ}^۲ \text{لا}^۲}{\underline{|۲}} + \cdots\cdots\right)$$

$$= (\text{ا}_۱ + \text{ا}_۲) \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ا}_۲ \text{ھ لا} \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ا}_۲ \text{ھ} \; \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} \left[\frac{\text{ھ لا}^۲}{\underline{|۲}} + \cdots\cdots\right]$$

اب چونکہ $\text{ا}_۱$ اور $\text{ا}_۲$ دو بے تعلق اختیاری مقداریں ہیں، اس لئے انہیں ہم دو اور بے تعلق اختیاری مقداروں کی رقوم میں دو ربطوں کے ذریعہ جنہیں ہم اختیار کرنا چاہیں بیان کر سکتے ہیں۔

اولاً $\text{ا}_۲$ کو اتنا بڑا مانو کہ بالآخر حاصل ضرب $\text{ا}_۲ \text{ھ}$ جہاں ھ لاانتہا کم ہے $\text{ب}_۲$ کے مساوی ہو جو ایک اختیاری محدود مستقل ہے۔

ثانیاً $\text{ا}_۱$ کو $\text{ا}_۲$ سے مختلف العلامت مانو اور اس کی قیمت اتنی بڑی منتخب کرو کہ $\text{ا}_۱ + \text{ا}_۲$ ایک اختیاری محدود مستقل $\text{ب}_۱$ کے مساوی ہو۔

اب رقوم

$$\text{ا}_۲ \text{ھ} \; \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} \left[\frac{\text{ھ لا}^۲}{\underline{|۲}} + \cdots\cdots\cdots\right]$$

ھ کے معدوم ہونے کی وجہ سے فنا ہو جائیں گی کیونکہ $\text{ا}_۲ \text{ھ}$ محدود ہے اور مربع خطوط وحدانی کے اندر کا جملہ مستدق ہے اور اس میں ھ بطور جزو ضربی کے شریک ہوتا ہے۔

پس اگر $\text{م}_۱ = \text{م}_۲$ تو رقوم $\text{ا}_۱ \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ا}_۲ \text{و}^{\text{م}_۲\text{لا}}$ کی بجائے ہم $\text{ب}_۱ \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}} + \text{ب}_۲ \text{لا} \; \text{و}^{\text{م}_۱\text{لا}}$ لکھ سکتے ہیں، اس لئے حل مذکور میں اختیاری

مستقلات کی تعداد ن ہی رہتی ہے ۔ پس اس صورت میں یہ مساوات کا عام حل ہے ۔

۳۰۔ تین اصلیں مساوی اب ہم اس صورت پر غور کرتے ہیں جبکہ مساوات (۲) کی تین اصلیں مساوی ہوں یعنی $م_۱ = م_۲ = م_۳$

حسب بالا رقوم $ا_۱ و^{م_۱ لا} + ا_۲ و^{م_۲ لا} + ا_۳ و^{م_۳ لا}$ کی بجائے ہم

$(ب_۱ + ب_۲ لا) و^{م_۱ لا} + ا_۳ و^{م_۳ لا}$ رکھ سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ $م_۳ = م_۱ + ک$

تب $ا_۳ و^{م_۳ لا} = ا_۳ و^{م_۱ لا} و^{ک لا} = ا_۳ و^{م_۱ لا}\left(۱ + ک لا + \frac{ک^۲ لا^۲}{\underline{|۲}} + \cdots\right)$

پس $ا_۱ و^{م_۱ لا} + ا_۲ و^{م_۲ لا} + ا_۳ و^{م_۳ لا}$ کی بجائے ہم

$$(ب_۱ + ا_۳) و^{م_۱ لا} + (ب_۲ + ا_۳ ک) لا و^{م_۱ لا} + \frac{ا_۳ ک^۲ لا^۲ و^{م_۱ لا}}{\underline{|۲}}$$

$$+ ا_۳ ک^۲ لا^۲ و^{م_۱ لا}\left[\frac{ک لا}{\underline{|۳}} + \frac{ک^۲ لا^۲}{\underline{|۴}} + \cdots\cdots\right]$$

رکھ سکتے ہیں اور $ا_۳$، $ب_۱$، $ب_۲$ کو اس طرح منتخب کر سکتے ہیں کہ

$$ب_۱ + ا_۳ = ج_۱$$

$$ب_۲ + ا_۳ ک = ج_۲$$

$$ا_۳ ک^۲ = ۲ ج_۳$$

جہاں $ج_۱$، $ج_۲$، $ج_۳$ کوئی اختیاری مستقل ہیں، خواہ ک کچھ ہی ہو

بشرطیکہ یہ صفر مطلق نہ ہو ۔ لیکن چونکہ $ا_۲$ ک^۲ کو ایک محدود مقدار کے مساوی منتخب کیا گیا ہے اور خطوط وحدانی کے اندر کا سلسلہ مستدق ہے اس لئے ظاہر ہے کہ ک کو لاانتہا کم کرنے سے بالآخر اس جملہ کی انتہائی صورت یہ ہوگی $(ج + ج_۱ لا + ج_۲ لا^۲)$ و$^{م_۱ لا}$ ۔

۳۱ ۔ کئی اصلیں مساوی اس طرح ظاہر ہے کہ اگر مساوات (۲) کی ع اصلیں مساوی ہوں یعنی

$$م_۱ = م_۲ = م_۳ = \ldots\ldots = م_ع$$

تو ہمارے حل کی عمومیت میں کسی قسم کا فرق نہیں آئے گا اگر ہم متمم تفاعل کے متناظر حصہ

$$ا_۱ و^{م_۱ لا} + ا_۲ و^{م_۲ لا} + \ldots\ldots + ا_ع و^{م_ع لا}$$

کے لئے جملہ $(ک_۱ + ک_۲ لا + ک_۳ لا^۲ + \ldots\ldots + ک_ع لا^{ع-۱})$ و$^{م_۱ لا}$ رکھدیں

۳۲ ۔ تعمیم زیادہ عام طور پر اگر کوئی خطی تفرقی مساوات ہو جس کے سر خواہ مستقل ہوں یا نہ ہوں اور اس کا متمم تفاعل

$$ا_۱ فہ (م_۱) + ا_۲ فہ (م_۲) + ا_۳ فہ (م_۳) + \ldots\ldots + ا_ن فہ (م_ن)$$

ہو تو معلوم کرو کہ جس صورت میں $م_۱ = م_۲$ ہو تو اس جملہ کی بجائے کیا رکھا جائے ۔

فرض کرو کہ $م_۲ = م_۱ + ھ$

تب $فہ (م_۲) = فہ (م_۱ + ھ) = فہ (م_۱) + ھ \frac{د فہ (م_۱)}{د م_۱} + \frac{ھ^۲}{۲!} \frac{د^۲ فہ (م_۱)}{د م_۱^۲} +$

اور رقمیں $ا_۱ فہ (م_۱) + ا_۲ فہ (م_۲)$ ہوجائینگی

$$(\text{ل}_1+\text{ل}_2)\,\text{فہ}(\text{م}_1)+\text{ل}_2\,\text{ھ}\,\frac{\text{و}\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1}+\text{ل}_2\,\frac{\text{ھ}^2}{\underline{|2}}\,\frac{\text{و}^2\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1^2}+\ldots\ldots$$

اب رکھو $\text{ل}_1+\text{ل}_2=\text{ب}_1$ اور $\text{ل}_2\,\text{ھ}=\text{ب}_2$ جہاں ب_1 اور ب_2 دو محدود مستقل ہیں۔ جب ہم ھ کو لاانتہا کم کرینگے تو اوپر کے سلسلہ کی باقی رقمیں بالآخر معدوم ہو جائیں گی۔

پس $\text{ل}_1\,\text{فہ}(\text{م}_1)+\text{ل}_2\,\text{فہ}(\text{م}_2)$ کی بجائے

$\text{ب}_1\,\text{فہ}(\text{م}_1)+\text{ب}_2\,\frac{\text{و}\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1}$ رکھا جا سکتا ہے اور اس طرح

متمم تفاعل میں اختیاری مستقلات ب_1، ب_2، ل_3، ل_4 ...... $\text{ل}_\text{ن}$ کی وہی تعداد (ن) قائم رہتی ہے جو پہلے تھی۔

اور دفعہ ۳۱ کی طرح ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ اگر ع اصلیں مساوی ہوں یعنی $\text{م}_1=\text{م}_2=\text{م}_3=\ldots\ldots=\text{م}_\text{ع}$

تو رقوم $\text{ل}_1\,\text{فہ}(\text{م}_1)+\text{ل}_2\,\text{فہ}(\text{م}_2)+\ldots\ldots+\text{ل}_\text{ع}\,\text{فہ}(\text{م}_\text{ع})$ کی بجائے ہم

$$\text{ب}_1\,\text{فہ}(\text{م}_1)+\text{ب}_2\,\frac{\text{و}\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1}+\text{ب}_3\,\frac{\text{و}^2\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1^2}+\ldots\ldots+\text{ب}_\text{ع}\,\frac{\text{و}^{\text{ع}-1}\,\text{فہ}(\text{م}_1)}{\text{و}\,\text{م}_1^{\text{ع}-1}}$$

رکھ سکتے ہیں جس سے حل کی عام شکل قائم رہتی ہے۔

دفعات ۲۹، ۳۰، ۳۱ کے نتائج اس نتیجہ کی خاص صورتیں ہیں ان میں $\text{فہ}(\text{م}_1)$ کی صورت $\text{ہو}^{\text{م}_1\text{لا}}$ تھی۔

۳۲- خیالی اصلیں اگر دفعہ ۲۸ مساوات (۲) کی ایک اصل خیالی ہو تو یاد رہے کہ حقیقی سروں والی مساواتوں میں خیالی اصلوں کے ہمیشہ جوڑے واقع ہوتے ہیں۔

مثلاً فرض کرو کہ $\text{م}_1 = \text{ا} + \text{خ ب}$، $\text{م}_2 = \text{ا} - \text{خ ب}$ جہاں $\text{خ} = \sqrt{-1}$

تب رقوم $\text{ا}_1 \text{و}^{\text{م}_1 \text{لا}} + \text{ا}_2 \text{و}^{\text{م}_2 \text{لا}}$ یا $\text{ا}_1 \text{و}^{(\text{ا}+\text{خ ب})\text{لا}} + \text{ا}_2 \text{و}^{(\text{ا}-\text{خ ب})\text{لا}}$

حقیقی صورت میں اس طرح لائی جاسکتی ہیں:-

$$\text{ا}_1 \text{و}^{\text{ا لا}} \text{و}^{\text{خ ب لا}} + \text{ا}_2 \text{و}^{\text{ا لا}} \text{و}^{-\text{خ ب لا}}$$

$$= \text{ا}_1 \text{و}^{\text{ا لا}} (\text{جم ب لا} + \text{خ جب ب لا}) + \text{ا}_2 \text{و}^{\text{ا لا}} (\text{جم ب لا} - \text{خ جب ب لا})$$

$$= (\text{ا}_1 + \text{ا}_2) \text{و}^{\text{ا لا}} \text{جم ب لا} + (\text{ا}_1 - \text{ا}_2) \text{خ و}^{\text{ا لا}} \text{جب ب لا}$$

$$= \text{ب}_1 \text{و}^{\text{ا لا}} \text{جم ب لا} + \text{ب}_2 \text{و}^{\text{ا لا}} \text{جب ب لا}$$

جہاں $\text{ا}_1 + \text{ا}_2$ اور $(\text{ا}_1 - \text{ا}_2)\text{خ}$ کی بجائے

اختیاری مستقل ب_1 اور ب_2 رکھے گئے ہیں۔

فرض کرو کہ $\text{ب}_1 = \text{د جم عہ}$، $\text{ب}_2 = \text{د جب عہ}$ تب

$$\text{د} = \sqrt{\text{ب}_1^2 + \text{ب}_2^2} \quad \text{اور} \quad \text{عہ} = \text{مس}^{-1} \frac{\text{ب}_2}{\text{ب}_1}$$

$$\text{ب}_1 \text{جم ب لا} + \text{ب}_2 \text{جب ب لا} = \text{د جم}(\text{ب لا} - \text{عہ})$$

پس اس طرح ہم

$ب_۱ و^{ا_۱لا}$ جم ب لا + $ب_۲ و^{ا_۱لا}$ جب ب لا کی بجائے

$$ج_۱ و^{ا_۱لا} جم (ب لا + ج_۲)$$

رکھ سکتے ہیں جہاں $ج_۱$ ، $ج_۲$ اختیاری مستقل ہیں -

۴۴ - مکرر خیالی اصلیں

مکرر خیالی اصلوں کے لئے ہم پہلے کی طرح عمل کر سکتے ہیں کیونکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ اگر $م_۲ = م_۱$ تو $ا_۱ و^{م_۱لا} + ا_۲ و^{م_۲لا}$ کی بجائے $(ب_۱ + ب_۲ لا) و^{م_۱لا}$ لکھا جا سکتا ہے اور $ا_۳ و^{م_۳لا} + ا_۴ و^{م_۴لا}$ کی بجائے

$$(ب_۳ + ب_۴ لا) و^{م_۳لا}$$

پھر اگر $م_۱ = م_۲ = ا + خ ب$ اور $م_۳ = م_۴ = ا - خ ب$ تو ہم

$$ا_۱ و^{م_۱لا} + ا_۲ و^{م_۲لا} + ا_۳ و^{م_۳لا} + ا_۴ و^{م_۴لا}$$

کی بجائے $(ب_۱ + ب_۲ لا) و^{ا لا} و^{خ ب لا} + (ب_۳ + ب_۴ لا) و^{ا لا} و^{-خ ب لا}$

یعنی $و^{ا لا}$ [$(ب_۱ + ب_۳)$ جم ب لا + $(ب_۱ - ب_۳)$ خ جب ب لا]

+ لا $و^{ا لا}$ [$(ب_۲ + ب_۴)$ جم ب لا + $(ب_۲ - ب_۴)$ خ جب ب لا]

اور اسلئے $و^{ا لا}$ $(ج_۱$ جم ب لا + $ج_۲$ جب ب لا$)$ + لا $و^{ا لا}$ $(ج_۳$ جم ب لا + $ج_۴$ جب ب لا$)$

یعنی $\text{قو}^{\text{ا}_1\text{لا}}(\text{ج}_1 + \text{لا ج}_3)\,\text{جم ب لا} + \text{قو}^{\text{ا}_1\text{لا}}(\text{ج}_2 + \text{لا ج}_4)\,\text{جب ب لا}$

یا دوسری صورت میں $\text{د}_1\,\text{قو}^{\text{ا}_1\text{لا}}\,\text{جم}(\text{ب لا} + \text{د}_2) + \text{د}_3\,\text{لا}\,\text{قو}^{\text{ا}_1\text{لا}}\,\text{جم}(\text{ب لا} + \text{د}_4)$

لکھ سکتے ہیں۔

آخری تین صورتوں میں سے ہر ایک میں چار اختیاری مستقل شامل ہوتے ہیں جو ابتدا کے اختیاری مستقلات ا_1، ا_2، ا_3، ا_4 کی بجائے ہیں پس اس صورت میں بھی اختیاری مستقلات کی تعداد (ن) ہی رہتی ہے جو اس حل کو عام سے عام بنانے کے لئے ضروری ہے۔

ظاہر ہے کہ اس قاعدہ کی توسیع اُس صورت میں بھی ہو سکتی ہے جبکہ خیالی اصلوں کی کوئی سی تعداد مساوی ہو۔

۳۵۔ مساوات $\frac{\text{ق}^2\,\text{ما}}{\text{ق لا}^2} - ۳\,\frac{\text{ق ما}}{\text{ق لا}} + ۲\,\text{ما} = ۰$ کو حل کرو

اس جگہ آزمائشی حل $\text{ما} = \text{ا}\,\text{قو}^{\text{م لا}}$ ہے، اس کو مندرج کرنے سے حاصل ہوتا ہے

$$\text{م}^2 - ۳\,\text{م} + ۲ = ۰$$

جبکی اصلیں ۱ اور ۲ ہیں۔

پس $\text{ما} = \text{ا}_1\,\text{قو}^{\text{لا}}$ اور $\text{ما} = \text{ا}_2\,\text{قو}^{۲\text{لا}}$ دونوں خاص حل ہیں اور

$$\text{ما} = \text{ا}_1\,\text{قو}^{\text{لا}} + \text{ا}_2\,\text{قو}^{۲\text{لا}}$$

عام حل ہے جس میں دو اختیاری مستقل ہیں۔

مثال ۲۔ حل کرو $\frac{\text{ق}^2\,\text{ما}}{\text{ق لا}^2} - \text{ا}^2\,\text{ما} = ۰$ کو

یہاں امدادی مساوات $\text{م}^2 - \text{ا}^2 = ۰$ ہے اور اس کی اصلیں $\text{م} = \pm\,\text{ا}$

اور عام حل ہے $ما = ا_۱ \,و^{ا لا} + ا_۲ \,و^{-ا لا}$

اور اگر ضرورت ہو تو اسے ہم اس طرح لکھ سکتے ہیں

$ما = ب_۱ \,جمز ا لا + ب_۲ \,جبز ا لا$

جہاں $ا_۱$ کی بجائے $\frac{ب_۱ + ب_۲}{۲}$ اور $ا_۲$ کی بجائے $\frac{ب_۱ - ب_۲}{۲}$ لکھا گیا ہے

مثال ۳۔ $\frac{د^۲ ما}{د لا^۲} + ا^۲ ما = ۰$ کو حل کرو

یہاں امدادی مساوات $م^۲ + ا^۲ = ۰$ کی اصلیں $م = \pm ا خ$ ہیں

اور عام حل ہے $ما = ا_۱ \,جم ا لا + ا_۲ \,جب ا لا$

یا دوسری صورت میں $ما = ب_۱ \,جم (ا لا + ب_۲)$

مثال ۴۔ $\frac{د^۳ ما}{د لا^۳} - ۴ \frac{د^۲ ما}{د لا^۲} + ۵ \frac{د ما}{د لا} - ۲ ما = ۰$

یا $(عف - ۱)^۲ (عف - ۲) ما = ۰$ جہاں $\frac{د}{د لا}$ کی بجائے عف لکھا گیا ہے۔

امدادی مساوات ہے $م^۳ - ۴ م^۲ + ۵ م - ۲ = ۰$

یا $(م - ۱)^۲ (م - ۲) = ۰$ یعنی اصلیں ۱، ۱، ۲ ہیں

پس عام حل ہے $ما = (ا_۱ + ا_۲ لا) \,و^{لا} + ا_۳ \,و^{۲ لا}$

مثال ۵۔ $(عف^۲ + ۱) (عف - ۱) ما = ۰$

امدادی مساوات ہے $(م^۲ + ۱) (م - ۱) = ۰$

جس کی اصلیں $\pm خ$، ۱ ہیں، اس لئے عام حل ہے

$ما = ا_۱ \,جم لا + ا_۲ \,جب لا + ا_۳ \,و^{لا}$

یا $ما = ب_۱ جم (لا + ب_۲) + ا_۳ و^{لا}$

مثال ۶ - حل کرو $(عف^۲ + عف + ۱)(عف - ۲) ما = ۰$ کو

امدادی مساوات ہے $(م^۲ + م + ۱)(م - ۲) = ۰$

اور اس کی اصلیں ہیں $- \frac{۱}{۲} \pm خ \frac{\sqrt{۳}}{۲}$ اور ۲، اس لئے عام حل ہے

$$ما = ا_۱ و^{-\frac{لا}{۲}} جم \frac{لا\sqrt{۳}}{۲} + ا_۲ و^{-\frac{لا}{۲}} جب \frac{لا\sqrt{۳}}{۲} + ا_۳ و^{۲لا}$$

یا $ما = ب_۱ و^{-\frac{لا}{۲}} جم \left(\frac{لا\sqrt{۳}}{۲} + ب_۲\right) + ا_۳ و^{۲لا}$

مثال ۷ - $(عف^۲ + عف + ۱)^۲ (عف - ۲)^۳ (عف - ۵) ما = ۰$ کو حل کرو

صریحاً اس کا عام حل ہے

$$ما = (ا_۱ + ا_۲ لا) و^{-\frac{لا}{۲}} جم \frac{لا\sqrt{۳}}{۲} + (ا_۳ + ا_۴ لا) و^{-\frac{لا}{۲}} جب \frac{لا\sqrt{۳}}{۲}$$

$$+ (ا_۵ + ا_۶ لا + ا_۷ لا^۲) و^{۲لا} + ا_۸ و^{۵لا}$$

جس میں آٹھ اختیاری مستقل شامل ہیں -

امثلہ

ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو

۱- $\frac{فر^۲ ما}{فر لا^۲} - (ا + ب) \frac{فر ما}{فر لا} + اب ما = ۰$

۲- $\frac{فر^۳ ما}{فر لا^۳} - ۶ا \frac{فر^۲ ما}{فر لا^۲} + ۱۱ ا^۲ \frac{فر ما}{فر لا} - ۶ ا^۳ ما = ۰$

۳- $\frac{فر^۳ ما}{فر لا^۳} - ۹ \frac{فر^۲ ما}{فر لا^۲} + ۲۳ \frac{فر ما}{فر لا} - ۱۵ ما = ۰$

۴- $\frac{\text{ق}^{3}\,\text{ما}}{\text{ق}\,\text{لا}^{3}} - ۳\,\frac{\text{ق}\,\text{ما}}{\text{ق}\,\text{لا}} + ۲\,\text{ما} = ۰$ ۔ ۵- $\frac{\text{ق}^{3}\,\text{ما}}{\text{ق}\,\text{لا}^{3}} = \text{ما}$

۶- $\frac{\text{ق}^{4}\,\text{ما}}{\text{ق}\,\text{لا}^{4}} = \text{ما}$ ۔ ۷- $(\text{عف} - ۱)^{2}\,(\text{عف} - ۲)^{3}\,\text{ما} = ۰$

۸- $(\text{عف}^{2} + ۱)\,(\text{عف}^{2} + \text{عف} + ۱)\,\text{ما} = ۰$ ۔ ۹- $(\text{عف}^{2} + ۱)^{2}\,(\text{عف} - ۱)^{2}\,\text{ما} = ۰$

۱۰- $(\text{عف}^{2} + ۱)^{3}\,(\text{عف}^{2} + \text{عف} + ۱)^{2}\,\text{ما} = ۰$

۱۱- $(\text{عف} - ۱)^{3}\,(\text{عف} - ۲)\,(\text{عف}^{2} + ۲\,\text{عف} + ۲)^{2}\,\text{ما} = ۰$

۱۲- $(\text{عف}^{2} + \text{ا}^{2})^{2}\,(\text{عف}^{2} + \text{ب}^{2})\,(\text{عف}^{4} + \text{ج}^{2}\,\text{عف}^{2} + \text{ج}^{4})\,\text{ما} = ۰$

خاص تکملی

۴۶- اوپر ہم نے مساوات ف (عف) ما = و کے متمم تفاعل پر غور کیا ہے جہاں

$$\text{ف}(\text{عف}) = \text{عف}^{\text{ن}} + \text{ا}_{1}\,\text{عف}^{\text{ن}-1} + \text{ا}_{2}\,\text{عف}^{\text{ن}-2} + \ldots + \text{ا}_{\text{ن}}$$

اور ا_{1}، ا_{2}، ا_{3} .....، $\text{ا}_{\text{ن}}$ مستقل ہیں و، لا کا کوئی تفاعل ہے، اب ہم اس مساوات کے خاص تکملی کو حاصل کرنیکے چند کارآمد طریقوں پر غور کرتے ہیں -

ہم اوپر کی مساوات کو اس طرح لکھتے ہیں $\text{ما} = \frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}\,\text{و}$

یا $[\text{ف}(\text{عف})]^{-1}\,\text{و}$ جہاں $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ ایک ایسا عامل ہے کہ

$$\text{ف}(\text{عف})\left[\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}\,\text{و}\right] \equiv \text{و}$$

۳۷۔ "عف" جبر و مقابلہ کے اساسی اصولوں کو پورا کرتا ہے
تفرقی احصا میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ عامل عف (یعنی $\frac{ف}{فلا}$) قوانین ذیل کو پورا کرتا ہے

(۱) جبر و مقابلہ کا تقسیمی قانون یعنی

$$عف(ی + و + ھ + \ldots) = عف\,ی + عف\,و + عف\,ھ + \ldots$$

(۲) قانون مبادلہ صرف بلحاظ مستقلوں کے یعنی

$$عف(ج\,ی) = ج(عف\,ی)$$

(۳) قانون قوت نما یعنی

$$عف^{م}\,عف^{ن}\,ی = عف^{م+ن}\,ی$$

جہاں م، ن مثبت صحیح ہیں۔

پس رمز یا علامت عف جبریہ مقادیر کی باہمی ترکیب کے تمام ابتدائی قوانین کو پورا کرتی ہے صرف متغیر مقداروں کے ساتھ اس کا تبادلہ نہیں ہو سکتا۔

پس معلوم ہوا کہ کسی منطق جبریہ تماثل کے جواب میں عاملوں کا بھی ایک متناظر تماثل ہوگا مثلاً مسئلہ ثنائی کی رو سے

$$(م + ا)^{ن} = م^{ن} + ن\,ا\,م^{ن-۱} + \frac{ن(ن-۱)}{۲\times۱}\,ا^{۲}\,م^{ن-۲} + \ldots + ا^{ن}$$

اور ایسے ہی بغیر مزید ثبوت کے عاملوں کے لئے متناظر مسئلہ کی رو سے

$$(عف + ا)^{ن}\,ما = \left\{عف^{ن} + ن\,ا\,عف^{ن-۱} + \frac{ن(ن-۱)}{۲\times۱}\,ا^{۲}\,عف^{ن-۲} + \ldots + ا^{ن}\right\}ما$$

$$= عف^{ن}\,ما + ن\,ا\,عف^{ن-۱}\,ما + \frac{ن(ن-۱)}{۲\times۱}\,ا^{۲}\,عف^{ن-۲}\,ما + \ldots + ا^{ن}\,ما$$

۳۸ — عمل ف (عف) $و^{رلا}$

تفرقی احصا میں یہ ثابت ہو چکا ہے کہ اگر ر مثبت صحیح ہو تو

$$عف^{ر} و^{رلا} = ر^{ر} و^{رلا}$$

فرض کرو کہ عمل $عف^{-ر}$ ایسا ہے کہ

$$عف^{ر} عف^{-ر} ی = ی$$

اس تعریف کے مطابق $عف^{-۱}$ عمل تکمل کو تعبیر کرتا ہے، ہم فرض کرتے ہیں کہ عمل $عف^{-۱}$ ی میں کسی اختیاری مستقل کا اضافہ نہیں ہوتا (کیونکہ یہاں ہمیں صرف ایک خاص تکملی کی تلاش ہے نہ کہ عام سے عام تکملی کی)

اب چونکہ $عف^{ر} ر^{-ر} و^{رلا} = و^{رلا} = عف^{ر} عف^{-ر} و^{رلا}$

اس سے ظاہر ہے کہ $عف^{-ر} و^{رلا} = ر^{-ر} و^{رلا}$

اس لئے ظاہر ہے کہ ن کی تمام مثبت، منفی صحیح قیمتوں کے لئے

$$عف^{ن} و^{رلا} = ر^{ن} و^{رلا}$$

۳۹ — فرض کرو کہ ف (ی) کوئی جملہ ی کا ہے جو ی کی مثبت یا منفی صحیح قوتوں میں ($= مج ا_{ر} ی^{ر}$ جہاں $ا_{ر}$ ایک مستقل ہے اور ی پر منحصر نہیں ہے) پھیل سکتا ہے

$$تب\ ف (عف) و^{رلا} = (مج ا_{ر} عف^{ر}) و^{رلا}$$

$$= (مج ا_{ر} عف^{ر} و^{رلا})$$

$$= (مج ا_{ر} ر^{ر}) و^{رلا}$$

$$= \text{ف}(\text{ل})\ \text{قو}^{\text{ل لا}}$$

عمل $\text{ف}(\text{عف})\ \text{قو}^{\text{ل لا}}$ کا جو حاصل ہے وہ عف کی بجائے ل رکھنے سے حاصل ہوتا ہے۔

مثال ۱۔ $\frac{1}{\text{عف}^3+\text{عف}^2+\text{عف}+1}\ \text{قو}^{2\text{لا}}$ کی قیمت معلوم کرو۔

اس قاعدہ کی رو سے قیمت مطلوبہ ہے

$$\frac{1}{1+2+2^2+2^3}\ \text{قو}^{2\text{لا}} \ \text{یا}\ \frac{\text{قو}^{2\text{لا}}}{15}$$

مثال ۲۔ $\frac{\text{عف}+1}{(\text{عف}+2)(\text{عف}+3)(\text{عف}+4)}\ \text{قو}^{3\text{لا}}$ کی قیمت معلوم کرو

اس قاعدہ کی رو سے قیمت مطلوبہ ہے $\frac{4}{5\times6\times7}\ \text{قو}^{3\text{لا}} = \frac{2}{105}\ \text{قو}^{3\text{لا}}$

امثلہ

۱۔ ذیل کے عملوں کو پورا کرو۔

(۱) $\frac{1}{(\text{عف}+1)^2}\ \text{قو}^{\text{لا}}$ (۲) $\frac{1}{(\text{عف}+1)(\text{عف}+2)}\ \text{قو}^{\text{ل لا}}$

(۳) $\frac{1}{(\text{عف}+2)(\text{عف}+3)(\text{عف}+4)}\ \text{جمز لا}$

۲۔ ثابت کرو کہ $\frac{\text{عف}^2}{(\text{عف}-\text{ل})(\text{عف}-\text{ب})(\text{عف}-\text{ج})}\text{و} = \sum \frac{\text{ل}^2}{(\text{ل}-\text{ب})(\text{ل}-\text{ج})}\cdot\frac{1}{\text{عف}-\text{ل}}$

۳۔ ذیل کے نتائج ثابت کرنے میں دفعہ ۳۹ کو استعمال کرو

$$\text{ف}(\text{عف}^2)\ \text{جب م لا} = \text{ف}(-\text{م}^2)\ \text{جب م لا}$$

$$\text{ف}(\text{عف}^2)\ \text{جم م لا} = \text{ف}(-\text{م}^2)\ \text{جم م لا}$$

$$\text{ف}\,(\text{عف}^{2})\,\text{جمجز}^{\text{جمجز}}\ \text{م لا} = \text{ف}\,(\text{م}^{2})\,\text{جمجز}^{\text{جمجز}}\ \text{م لا}$$

۴۰ - عمل $\text{ف}\,(\text{عف})\,\text{و}^{\text{الا}}\,\text{لا}$

فرض کرو کہ $\text{ما} = \text{و}^{\text{الا}}\,\text{ما}$ جہاں ما، لا کا تفاعل ہے۔

تب چونکہ $\text{عف}^{\text{ا}}\,\text{و}^{\text{الا}} = \text{ا}^{\text{ا}}\,\text{و}^{\text{الا}}$

اس لئے لیبنیز کے مسئلہ کی رو سے

$$\text{ما}_{\text{ن}} = \text{و}^{\text{الا}}\left(\text{ا}^{\text{ن}}\,\text{ما} + \text{ج}^{\text{ن}}_{1}\,\text{ا}^{\text{ن}-1}\,\text{عف ما} + \text{ج}^{\text{ن}}_{2}\,\text{ا}^{\text{ن}-2}\,\text{عف}^{2}\,\text{ما} + \ldots + \text{عف}^{\text{ن}}\,\text{ما}\right)$$

جیسے مسئلہ ثنائی کی طرح لکھنے سے حاصل ہوتا ہے [دفعہ ۳۷]

$$\text{عف}^{\text{ن}}\,\text{و}^{\text{الا}}\,\text{ما} = \text{و}^{\text{الا}}\,(\text{عف} + \text{ا})^{\text{ن}}\,\text{ما}$$

جہاں ن مثبت صحیح ہے۔

اب فرض کرو کہ $(\text{عف} + \text{ا})^{\text{ن}}\,\text{ما} = \text{لا}$

جسے ہم لکھ سکتے ہیں $\text{ما} = (\text{عف} + \text{ا})^{-\text{ن}}\,\text{لا}$

تب چونکہ $\text{عف}^{\text{ن}}\,\text{و}^{\text{الا}}\,\text{ما} = \text{و}^{\text{الا}}\,(\text{عف} + \text{ا})^{\text{ن}}\,\text{ما}$

یا $\text{عف}^{\text{ن}}\,\text{و}^{\text{الا}}\,(\text{عف} + \text{ا})^{-\text{ن}}\,\text{لا} = \text{و}^{\text{الا}}\,\text{لا}$

اس لئے $\text{عف}^{-\text{ن}}\,\text{و}^{\text{الا}}\,\text{لا} = \text{و}^{\text{الا}}\,(\text{عف} + \text{ا})^{-\text{ن}}\,\text{لا}$

اس لئے تمام صورتوں میں ن کی مثبت، منفی صحیح قیمتوں کے لئے

$$\text{عف}^{\text{ن}}\,\text{و}^{\text{الا}}\,\text{لا} = \text{و}^{\text{الا}}\,(\text{عف} + \text{ا})^{\text{ن}}\,\text{لا}$$

۴۱ - جیسا دفعہ ۳۹ میں ہم نے دیکھا

ف(عف) وَ$^{\text{ا لا}}$ لا = $\sum$ (ا$_{\text{ر}}$ عف$^{\text{ر}}$) وَ$^{\text{ا لا}}$ لا

= $\sum$ (ا$_{\text{ر}}$ عف$^{\text{ر}}$ وَ$^{\text{ا لا}}$ لا)

= وَ$^{\text{ا لا}}$ $\sum$ ا$_{\text{ر}}$ (عف + ا)$^{\text{ر}}$ لا

= وَ$^{\text{ا لا}}$ ف (عف + ا) لا

یعنے وَ$^{\text{ا لا}}$ کو ہم عامل ف (عف) کے بائیں جانب سے دائیں جانب لا سکتے ہیں بشرطیکہ ہم عف کی بجائے عف + ا لکھدیں۔

مثال ۱ - $\frac{1}{(\text{عف}-1)^3}$ وَ$^{\text{لا}}$ لا = وَ$^{\text{لا}}$ $\frac{1}{\text{عف}^3}$ لا = وَ$^{\text{لا}}$ $\frac{\text{لا}^4}{4 \times 3 \times 2}$

مثال ۲ - $\frac{1}{\text{عف}^2 - 4\,\text{عف} + 4}$ وَ$^{\text{۲لا}}$ جب لا = وَ$^{\text{۲لا}}$ $\frac{1}{\text{عف}^2}$ جب لا = - وَ$^{\text{۲لا}}$ جب لا

امثلہ

۱ - ذیل کے عملوں کو پورا کرو۔

$\frac{1}{(\text{عف}-1)^3}$ وَ$^{\text{لا}}$ لا^2 ، $\frac{1}{(\text{عف}-1)^2}$ وَ$^{\text{لا}}$ جب لا ، $\frac{1}{\text{عف}-1}$ وَ$^{\text{لا}}$ لوک لا

۲ - ثابت کرو کہ

$\frac{1}{(\text{عف}+\text{ا}-1)(\text{عف}+\text{ا}-2)}$ وَ$^{\text{ا لا}}$ = وَ$^{\text{ب لا}}$ $\frac{1}{(\text{عف}+\text{ب}-1)(\text{عف}+\text{ب}-2)}$ وَ$^{\text{ا لا}}$

۴۲ - عمل ف (عف^2) $\frac{\text{جب}}{\text{جم}}$ م لا

عف^۲ جب/جم م لا = (-م^۲) جب/جم م لا

اور اس لئے عف^{۲ر} جب/جم م لا = (-م^۲)^ر جب/جم م لا

اس لئے حسب سابق (دفعات ۳۹، ۴۱) معلوم ہوگا کہ

ف(عف^۲) جب/جم م لا = ف(-م^۲) جب/جم م لا

مثال (۲) ∫ و^{رلا} جب ب لا ءرلا = عف^{-۱} و^{رلا} جب ب لا = و^{رلا} (عف + ر)^{-۱} جب ب لا [دفعہ ۴۱]

= و^{رلا} (ر - عف)/(ر^۲ - عف^۲) جب ب لا

= و^{رلا}/(ر^۲ + ب^۲) (ر - عف) جب ب لا [دفعہ ۴۲]

= و^{رلا} (ر جب ب لا - ب جم ب لا)/(ر^۲ + ب^۲) = و^{رلا} (ر^۲ + ب^۲)^{-۱/۲} جب (ب لا - یس^{-۱} ب/ر)

امثلہ

۱- اس طریقہ سے جملات ذیل کے تکملی معلوم کرو

و^{لا} جم ب لا، و^{لا} جب^۲ لا، و^{لا} جب^۳ لا، جبز لا جب لا

۲- ذیل کے عملوں کو پورا کرو۔

۱/(عف^۲ + ۲) جب ۲ لا، ۱/(عف^۲ + ۱) جم لا، (عف^۲ + ۱)/(عف^۴ + ۱) جب ۲ لا

۳- جیب اور جیب التمام کی قوت نمائی قیمتوں کے ذریعہ اعمال ف(عف) جم م لا، ف(عف) جب م لا کے نتائج حاصل کرو۔

۴۳ — عمل $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}\,\frac{\text{جب}}{\text{جم}}\,\text{م لا}$

اب ہم عمل $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ جب م لا پر غور کرینگے جہاں ف (ی) ایک ایسا تفاعل ی کا ہے کہ اسے ہم ی کی مثبت صحیح قوتوں میں پھیلا سکتے ہیں۔

فرض کرو کہ ف (عف) کو عف کی قوتوں میں پھیلایا گیا ہے، اب اگر پھیلاؤ میں طاق قوتیں شریک نہ ہوں تو دفعہ ماقبل کے قاعدہ کی رو سے اوپر کے عمل کا نتیجہ فوراً حاصل ہو سکتا ہے۔

مثلاً $\frac{1}{1+\text{عف}^2+\text{عف}^4+\text{عف}^6}\,\text{جب}\,2\,\text{لا} = \frac{1}{1-4+16-64}\,\text{جب}\,2\,\text{لا} = -\frac{1}{51}\,\text{جب}\,2\,\text{لا}$

لیکن اگر ہر دو طاق اور جفت قوتیں شریک ہوں تو اس طرح عمل ہو سکتا ہے، جفت قوتوں کو الگ اور طاق قوتوں کو الگ اکٹھا کرو اور عمل مذکور کو اس طرح لکھو

$$\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}\,\text{جب م لا} = \frac{1}{\text{فہ}(\text{عف}^2)+\text{عف}\,\text{فا}(\text{عف}^2)}\,\text{جب م لا}$$

$$= \frac{\text{فہ}(\text{عف}^2)-\text{عف}\,\text{فا}(\text{عف}^2)}{[\text{فہ}(\text{عف}^2)]^2-\text{عف}^2[\text{فا}(\text{عف}^2)]^2}\,\text{جب م لا}$$

$$= [\text{فہ}(\text{عف}^2)-\text{عف}\,\text{فا}(\text{عف}^2)]\,\frac{\text{جب م لا}}{[\text{فہ}(-\text{م}^2)]^2+\text{م}^2[\text{فا}(-\text{م}^2)]^2}$$

$$= \frac{\text{فہ}(-\text{م}^2)\,\text{جب م لا}-\text{م}\,\text{فا}(-\text{م}^2)\,\text{جم م لا}}{[\text{فہ}(-\text{م}^2)]^2+\text{م}^2[\text{فا}(-\text{م}^2)]^2}$$

بغور دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ عملی طور پر عف^۲ کی بجائے ۔ م^۲ فوراً اس منزل

$$\frac{۱}{\text{فہ}(\text{عف}^۲) + \text{عف فا}(\text{عف}^۲)} \text{ جب م لا}$$

کے بعد لکھ سکتے ہیں یعنی اوپر کے جملہ کی بجائے

$$\frac{۱}{\text{فہ}(-\text{م}^۲) + \text{عف فا}(-\text{م}^۲)} \text{ جب م لا}$$

یا

$$\frac{\text{فہ}(-\text{م}^۲) - \text{عف فا}(-\text{م}^۲)}{[\text{فہ}(-\text{م}^۲)]^۲ - \text{عف}^۲ [\text{فا}(-\text{م}^۲)]^۲} \text{ جب م لا وغیرہ}$$

فوراً لکھ سکتے ہیں ۔

مثال ۱ ۔

$$\frac{۱}{\text{عف}^۳ + \text{عف}^۲ + \text{عف} + ۱} \text{ جب ۲ لا}$$

کی قیمت معلوم کرو ۔

یہ ہے

$$\frac{۱}{\text{عف}^۲ + ۱ + \text{عف}(\text{عف}^۲ + ۱)} \text{ جب ۲ لا}$$

یا

$$\frac{۱}{-۳(۱ + \text{عف})} \text{ جب ۲ لا}$$

یا

$$\frac{\text{عف} - ۱}{-۳(\text{عف}^۲ - ۱)} \text{ جب ۲ لا}$$

یا

$$(\text{عف} - ۱)\frac{\text{جب ۲ لا}}{۱۵}$$

یا

$$\frac{۲}{۱۵} \text{ جم ۲ لا} - \frac{۱}{۱۵} \text{ جب ۲ لا}$$

مثال ۲ ۔

$$\frac{۱}{(\text{عف} - ۱)^۳} \text{ و}^{\text{لا}} \text{ جم لا}$$

کی قیمت حاصل کرو

یہ جملہ $= \text{قو}^{\text{۲لا}} \dfrac{\text{۱}}{(\text{عف}+\text{۱})^{\text{۳}}} \text{ جم لا}$

$= \text{قو}^{\text{۲لا}} \dfrac{\text{۱}}{\text{عف}^{\text{۳}}+\text{۳عف}^{\text{۲}}+\text{۳عف}+\text{۱}} \text{ جم لا}$

$= \text{قو}^{\text{۲لا}} \dfrac{\text{۱}}{-\text{عف}-\text{۳}+\text{۳عف}+\text{۱}} \text{ جم لا}$ [عف$^{\text{۲}}$ کی بجائے ۱- لکھنے سے]

$= \dfrac{\text{قو}^{\text{۲لا}}}{\text{۲}} \dfrac{\text{۱}}{\text{عف}-\text{۱}} \text{ جم لا}$

$= \dfrac{\text{قو}^{\text{۲لا}}}{\text{۲}} \dfrac{\text{عف}+\text{۱}}{\text{عف}^{\text{۲}}-\text{۱}} \text{ جم لا}$

$= \dfrac{\text{قو}^{\text{۲لا}}}{\text{۲}} (\text{عف}+\text{۱}) \dfrac{\text{جم لا}}{-\text{۲}} = -\dfrac{\text{قو}^{\text{۲لا}}}{\text{۴}} (\text{جم لا} - \text{جب لا})$

امثلہ

۱- جملات ذیل پر مندرجہ ذیل عمل کرو۔

$\dfrac{\text{عف}}{\text{عف}-\text{۱}} \text{قو}^{\text{لا}} \text{ جب لا}$ ، $\dfrac{\text{عف}^{\text{۳}}}{(\text{عف}-\text{۱})(\text{عف}-\text{۲})} \text{قو}^{\text{لا}} \text{ جب ۲لا}$

$\dfrac{\text{۱}}{\text{عف}-\text{۱}} \text{قو}^{\text{لا}} \text{ جب لا} + \dfrac{\text{۱}}{\text{عف}+\text{۱}} \text{قو}^{-\text{لا}} \text{ جب لا}$

۲- ثابت کرو کہ $\dfrac{\text{۱}}{(\text{عف}+\text{۱})^{\text{ن}}} \text{و} = \text{قو}^{-\text{لا}} \int\int\cdots\int \text{قو}^{\text{لا}} \text{و} \text{ ءلا} \ldots \text{ءلا}^{\text{ن}}$

جہاں ن تکملی علامتیں ہیں۔

۳- ثابت کرو کہ $\dfrac{\text{۱}}{\text{ف}(\text{ی})}$ کو جزوی کسروں میں تحلیل کرنے سے

عمل $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ و معمولی تکملوں کے حاصل جمع کی صورت میں بیان ہو سکتا ہے۔

۴۴۔ عامل $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ و جہاں و مقدار جبریہ ہے۔

اگر عمل $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ و میں و متغیر لا کا ایک جبریہ، منطق، صحیح تفاعل ہو تو ہم $\frac{1}{\text{ف}(\text{عف})}$ کو کسی نہ کسی طریقہ سے عف کی صعودی قوتوں میں اس حد تک پھیلا سکتے ہیں کہ عف کا قوت نما و میں لا کی بڑی سے بڑی قوت کے مساوی ہو۔

مثال ۱۔ مثلاً معلوم کرو $\frac{1}{1+\text{عف}+\text{عف}^2}(\text{لا}^2+\text{لا}+1)$

$$\text{یہ جملہ} = \frac{1-\text{عف}}{1-\text{عف}^3}(\text{لا}^2+\text{لا}+1)$$

$$= (1-\text{عف}+\text{عف}^3-\text{عف}^4+\dots)(\text{لا}^2+\text{لا}+1)$$

$$= (\text{لا}^2+\text{لا}+1)-(2\text{لا}+1) = \text{لا}^2-\text{لا}$$

مثال ۲۔ نیز $\frac{1}{\text{عف}^3+3\text{عف}^2+7\text{عف}-1}\,\text{و}^{\text{لا}}\text{لا}^3$ کی قیمت دریافت کرو

$$\text{جملہ} = \text{و}^{\text{لا}}\frac{1}{(\text{عف}+1)^3+3(\text{عف}+1)^2+7(\text{عف}+1)-1}\text{لا}^3$$

$$= \text{و}^{\text{لا}}\frac{1}{10+16\text{عف}+6\text{عف}^2+\text{عف}^3}\text{لا}^3$$

$$= \frac{\text{و}^{\text{لا}}}{10}\cdot\frac{1}{1+\frac{8}{5}\text{عف}+\frac{3}{5}\text{عف}^2+\frac{1}{10}\text{عف}^3}\text{لا}^3$$

$$= \frac{و^{لا}}{10}\left(1-\frac{8}{5}عف+\frac{49}{25}عف^{2}-\frac{529}{250}عف^{3}\ldots\right)لا^{3}$$

$$= \frac{و^{لا}}{10}\left(لا^{3}-\frac{8}{5}\times 3لا^{2}+\frac{49}{25}\times 6لا-\frac{529}{250}\times 6\right)$$

امثلہ

ذیل کے عمل کرو۔

۱- $\frac{1}{(عف+1)(عف+2)}لا^{2}$ ، $\frac{1}{عف(عف-1)}لا$ ، $\frac{1}{عف^{2}(عف-1)^{2}}لا$

۲- $\frac{1}{(عف+1)(عف+2)}و^{لا}لا^{2}$ ، $\frac{1}{عف(عف-1)}$ لا جمز لا

۳- $\frac{1}{(عف-1)}$ لا جمز لا جم لا

۴۵- ایسی صورتیں جن میں یہ طریقے ناکام رہتے ہیں۔
خاص تکملی حاصل کرنے کے جو طریقے اوپر درج کئے گئے ہیں انہیں استعمال کرنے میں اکثر اوقات کئی صورتیں ایسی پیدا ہوتی ہیں جہاں یہ طریقے کامیاب نہیں ہو سکتے، اب ہم یہ بتانے کی کوشش کرتے ہیں کہ ایسی حالتوں میں طرز عمل کیا ہونا چاہئے۔

۴۶- مساوات $\frac{ف ما}{ف لا}-ما=و^{لا}$ کو حل کرو

متمم تفاعل ا $و^{لا}$ ہے۔

خاص تکملی حاصل کرنے کے لئے $\frac{1}{عف-1}و^{لا}$ کی قیمت معلوم ہونی چاہئے۔ اگر ہم دفعہ ۳۹ کا قاعدہ استعمال کریں تو حاصل ہوگا

$$\frac{و^{لا}}{1-1} \text{ یا } \infty$$

اس مشکل سے بچنے کے لئے ہم دفعہ ۱۴ کا قاعدہ استعمال کرتے ہیں جس سے حاصل ہوتا ہے

$$\frac{1}{\text{عف}-1}\,\text{و}^{\text{لا}} = \text{و}^{\text{لا}}\,\frac{1}{\text{عف}}\,1 = \text{لا}\,\text{و}^{\text{لا}}$$

جو مطلوبہ خاص تکملی ہے۔

ایک اور طریقہ استعمال کرنے کی بجائے ہم عمل $\frac{1}{\text{عف}-1}\,\text{و}^{\text{لا}}$ کا بطور معائنہ کرتے ہیں۔

لا کی بجائے لا (۱+ ھ) لکھنے سے

$$\frac{1}{\text{عف}-1}\,\text{و}^{\text{لا}} = \text{نہا}_{\text{ھ}=0}\,\frac{1}{\text{عف}-1}\,\text{و}^{\text{لا}(1+\text{ھ})} = \text{نہا}_{\text{ھ}=0}\,\frac{1}{\text{ھ}}\,\text{و}^{\text{لا}}\,\text{و}^{\text{ھ لا}}$$

$$= \text{نہا}_{\text{ھ}=0}\,\frac{1}{\text{ھ}}\,\text{و}^{\text{لا}}\left(1 + \text{ھ لا} + \frac{\text{ھ}^2\,\text{لا}^2}{\lfloor 2} + \frac{\text{ھ}^3\,\text{لا}^3}{\lfloor 3} + \cdots\right)$$

$$= \text{نہا}_{\text{ھ}=0}\left[\frac{\text{و}^{\text{لا}}}{\text{ھ}} + \text{لا}\,\text{و}^{\text{لا}} + \text{ھ}\,\text{و}^{\text{لا}}\left\{\frac{\text{لا}^2}{\lfloor 2} + \frac{\text{ھ}\,\text{لا}^3}{\lfloor 3} + \cdots\right\}\right]$$

اس جملہ میں سے حصہ نہا $\frac{\text{و}^{\text{لا}}}{\text{ھ}}$ لامتناہی ہو جاتا ہے لیکن اسے ہم متمم تفاعل ا $\text{و}^{\text{لا}}$ کے ساتھ لے سکتے ہیں اور چونکہ ا کی قیمت اختیاری ہے اس لئے ہم ا + $\frac{1}{\text{ھ}}$ کو ایک نیا اختیاری مستقل ب تصور کرتے ہیں کیونکہ ا کا ایک حصہ منفی اور غیر متناہی فرض کیا جا سکتا ہے جو رقم $\frac{1}{\text{ھ}}$ کا توازن کر دے گا۔

پس لا $\text{و}^{\text{لا}}$ مطلوبہ خاص تکملی ہے۔

باقی رقموں میں ھ شریک ہوتا ہے جو ھ کے لاانتہا کم ہونے سے معدوم ہو جاتی ہیں۔

پس مساوات کا پورا حل ما = ا $\text{و}^{\text{لا}}$ + لا $\text{و}^{\text{لا}}$ ہے۔

مثال ۲۔ مساوات $\frac{\text{د}^2\,\text{ما}}{\text{د لا}^2} + 4\,\text{ما} = \text{قو}^{\text{لا}} + \text{جب ۲ لا}$ کو حل کرو

متمم تفاعل صریحاً یہ ہے ما = ا جب ۲ لا + ب جم ۲ لا

خاص تکملی کے دو حصے ہیں $\frac{1}{\text{عف}^2+4}\,\text{قو}^{\text{لا}}$ یا $\frac{1}{5}\,\text{قو}^{\text{لا}}$ اور $\frac{1}{\text{عف}^2+4}\,\text{جب ۲ لا}$

دوسرے حصہ میں اگر دفعہ ۲۴ کا قاعدہ استعمال کیا جائے تو حاصل ہوگا

$\frac{\text{جب ۲ لا}}{\text{صفر}}$ یعنی ∞، پس یہ قاعدہ ناکام رہے گا۔

اب ہم $\frac{1}{\text{عف}^2+4}\,\text{جب ۲ لا}\,(1+\text{ھ})$ کی انتہا معلوم کرتے ہیں جبکہ ھ = ۰

$$\text{یہ جملہ} = \frac{1}{4}\,\frac{1}{1-(1+\text{ھ})^2}\,\text{جب}(2\,\text{لا} + 2\,\text{ھ لا})$$

$$= \frac{1}{4}\,\frac{1}{-2\text{ھ}-\text{ھ}^2}\,(\text{جب ۲ لا جم ۲ ھ لا} + \text{جم ۲ لا جب ۲ ھ لا})$$

$$= -\frac{1}{8}\,\frac{1}{\text{ھ}+\frac{\text{ھ}^2}{2}}\left[\text{جب ۲ لا}\left(1-\frac{4\,\text{ھ}^2\,\text{لا}^2}{\lfloor 2}+\dots\right)+\text{جم ۲ لا}\,(2\,\text{ھ لا}-\dots)\right]$$

$$= -\frac{1}{8}\,\frac{\text{جب ۲ لا}}{\text{ھ}} - \frac{1}{4}\,\text{لا جم ۲ لا} + \text{ھ کی قوتیں}$$

= (ایک ایسی رقم جو متمم تفاعل میں شریک کردی جاسکتی ہے) − $\frac{\text{لا جم ۲ لا}}{4}$ + (رقمیں جو ھ کے ساتھ معدوم ہو جاتی ہیں)

پس تفرقی مساوات کا پورا حل ہے

$$\text{ما} = \text{ا جب ۲ لا} + \text{ب جم ۲ لا} + \frac{1}{5}\,\text{قو}^{\text{لا}} - \frac{\text{لا جم ۲ لا}}{4}$$

مثال ۳۔ مساوات (عف^۴ + ۳ عف) (عف - ۱)^۲ ما = و^{لا} + و^{۲لا} + جب لا + لا^۲
کو حل کرو۔

اس صورت میں متمم تفاعل صریحاً ا$_۱$ + ا$_۲$ و$^{-۳لا}$ + (ا$_۳$ + ا$_۴$ لا) و^{لا} ہے۔
خاص تکملی کے چار حصے ہیں یعنی

$$\frac{۱}{(عف^۲ + ۳ عف)(عف - ۱)^۲} و^{لا} = \frac{۱}{(عف - ۱)^۲} \frac{و^{لا}}{۴} = \frac{و^{لا}}{۴} \times \frac{۱}{عف^۲} ۱ \times = \frac{لا^۲ و^{لا}}{۸}$$

[یا اگر ضرورت ہو $\frac{۱}{(عف-۱)^۲} \frac{و^{(۱+ھ)لا}}{۴} = \frac{۱}{۴ ھ^۲} و^{لا} \left(۱ + ھ لا + \frac{ھ^۲ لا^۲}{\lfloor ۲} + \dots\right)$]

= (ایک حصہ جو متمم تفاعل میں چلا جاتا ہے)

+ $\frac{لا^۲}{۸}$ و^{لا} + (ایسی رقمیں جو ھ کے ساتھ معدوم ہو جاتی ہیں)

$$\frac{۱}{(عف^۲ + ۳ عف)(عف - ۱)^۲} و^{۲لا} = \frac{۱}{۱۰} و^{۲لا}$$

$$\frac{۱}{(عف^۲ + ۳ عف)(عف - ۱)^۲} جب لا = \frac{۱}{(۱- + ۳ عف)(۲- عف)} جب لا =$$

$$= \frac{۱}{۲- ۲ عف^۲ + ۶ عف} جب لا = \frac{۱}{۶ + ۲ عف} جب لا = \frac{۳ - عف}{۲ (۹ - عف^۲)} جب لا$$

$$= (۳ جب لا - جم لا) / ۲۰$$

اور اخیر میں

$$\frac{۱}{(عف^۲ + ۳ عف)(عف - ۱)^۲} لا^۲ = \frac{۱}{۳ عف} \left(۱ + \frac{عف}{۳}\right)^{-۱} (۱ + ۲ عف + ۳ عف^۲ + \dots) لا^۲$$

$$= \frac{۱}{۳ عف} \left(۱ + \frac{عف}{۳}\right)^{-۱} (لا^۲ + ۴ لا + ۶)$$

$$= \frac{۱}{\text{۳عف}}\left(۱ - \frac{\text{عف}}{۳} + \frac{\text{عف}^{۲}}{۹} - \ldots\right)\left(\text{لا}^{۲} + \text{۴لا} + ۶\right)$$

$$= \frac{۱}{\text{۳عف}}\left(\text{لا}^{۲} + \text{۴لا} + ۶ - \frac{۲}{۳}\text{لا} - \frac{۴}{۳} + \frac{۲}{۹}\right)$$

$$= \frac{۱}{\text{۳عف}}\left(\text{لا}^{۲} + \frac{۱۰}{۳}\text{لا} + \frac{۴۴}{۹}\right)$$

$$= \frac{۱}{۳}\left(\frac{\text{لا}^{۳}}{۳} + \frac{۵}{۳}\text{لا}^{۲} + \frac{۴۴}{۹}\text{لا}\right)$$

اس لئے پورا حل ہے

$$\text{ما} = \text{ا}_{۱} + \text{ا}_{۲}\,\text{و}^{-\text{۳لا}} + (\text{ا}_{۳} + \text{ا}_{۴}\,\text{لا})\,\text{و}^{\text{لا}}$$

$$+ \frac{\text{لا}^{۲}\,\text{و}^{\text{لا}}}{۸} + \frac{\text{و}^{\text{۲لا}}}{۱۰} + \frac{\text{۳ جب لا} - \text{جم لا}}{۲۰} + \frac{\text{لا}^{۳}}{۹} + \frac{\text{۵ لا}^{۲}}{۹} + \frac{۴۴}{۲۷}$$

مثال ۴۔ مساوات $\frac{\text{د}^{۴}\,\text{ما}}{\text{دلا}^{۴}} - \text{ما} = \text{لا جب لا}$ کو حل کرو

متمم تفاعل (م، ت) ہے $\text{ا}_{۱}\,\text{جیبز لا} + \text{ا}_{۲}\,\text{جمز لا} + \text{ا}_{۳}\,\text{جب لا} + \text{ا}_{۴}\,\text{جم لا}$

(خاص تکملی) (خ، ک) ہے $\frac{۱}{\text{عف}^{۴} - ۱}$ لا جب لا جو خ کا سر ہے

$$\frac{۱}{\text{عف}^{۴} - ۱}\,\text{لا}\,\text{و}^{\text{حلا}}\ \text{میں}$$

$$\text{یعنی}\ \text{و}^{\text{حلا}}\,\frac{۱}{(\text{عف} + \text{ح})^{۴} - ۱}\,\text{لا}\ \text{میں}$$

$$\text{یعنی}\ \text{و}^{\text{حلا}}\,\frac{۱}{-\text{۴ح عف} - \text{۶عف}^{۲}\ldots}\,\text{لا}\ \text{میں}$$

یعنی $\text{و}^{\text{خ لا}} \frac{1}{-4\,\text{خ عف}} \cdot \frac{1}{1-\frac{3}{4}\,\text{خ عف}\ldots}\,\text{لا}$ میں

یعنی $\text{و}^{\text{خ لا}} \frac{\text{خ}}{4} \cdot \frac{1}{\text{عف}}\left(\text{لا} + \frac{3}{2}\,\text{خ}\right)$ میں

یعنی $\text{و}^{\text{خ لا}}\left(\frac{\text{خ لا}^2}{8} - \frac{3}{8}\,\text{لا}\right)$ میں

پس خاص تکملی ہے $\frac{\text{لا}^2\,\text{جم لا}}{8} - \frac{3}{8}\,\text{لا جب لا}$

اور پورا حل ہے

$$\text{ط} = \text{ا}_1\,\text{جبز لا} + \text{ا}_2\,\text{جمز لا} + \text{ا}_3\,\text{جب لا} + \text{ا}_4\,\text{جم لا} + \frac{\text{لا}^2\,\text{جم لا}}{8} - \frac{3}{8}\,\text{لا جب لا}$$

امثلہ

۱۔ مندرجہ ذیل کے خاص تکملی حاصل کرو

(۱) $\frac{1}{\text{عف}^2+1}\,\text{جب لا}$ (۲) $\frac{1}{\text{عف}^2+4}\,\text{جم}\,2\,\text{لا}$

(۳) $\frac{1}{\text{عف}^2-1}\,\text{جبز لا}$ (۴) $\frac{1}{\text{عف}^3-1}\,\text{و}^{\text{لا}}\,\text{لا}$

(۵) $\frac{1}{(\text{عف}-1)(\text{عف}-2)(\text{عف}-3)}\,\text{و}^{\text{لا}}$ (۶) $\frac{1}{\text{عف}^2-1}(\text{جبز لا} + \text{جب لا})$

(۷) $\frac{1}{(\text{عف}^2-\text{ا}^2)(\text{عف}^2-\text{ب}^2)}\left(\text{و}^{\text{ا لا}} + \text{جمز ب لا}\right)$

(۸) $\frac{1}{(\text{عف}^2+1)(\text{عف}^2+4)}\,\text{جم}\,\frac{\text{لا}}{2}\,\text{جم}\,\frac{3\,\text{لا}}{2}$

۲۔ ذیل کی تفرقی مساواتوں کو حل کرو۔

(۱) $\frac{\text{و}^{2}\text{ما}}{\text{ولا}^{2}} - \text{ما} = \text{و}^{2\text{لا}}$ (۲) $\frac{\text{و}^{2}\text{ما}}{\text{ولا}^{2}} - \text{ما} = \text{جمز لا}$

(۳) $\frac{\text{و}^{2}\text{ما}}{\text{ولا}^{2}} + \text{ما} = \text{و}^{-\text{لا}} + \text{جم لا} + \text{لا}^{3} + \text{و}^{\text{لا}}\text{جب لا}$

(۴) $(\text{عف}^{2} - 1)(\text{عف}^{3} - 1)\text{ما} = \text{لا و}^{\text{لا}}$

(۵) $(\text{عف} - 1)(\text{عف} + 1)\text{عف}^{3}\text{ما} = \text{لا}$

(۶) $(\text{عف}^{3} - 3\text{عف}^{2} - 3\text{عف} + 1)\text{ما} = \text{و}^{-\text{لا}} + \text{لا}$

(۷) $(\text{عف}^{3} - 1)\text{ما} = \text{لا جب لا}$

(۸) $(\text{عف}^{2} - 1)\text{ما} = \text{لا و}^{\text{لا}}\text{جب لا}$

(۹) $(\text{عف}^{2} - 1)\text{ما} = \text{جمز لا جم لا} + \text{ا}^{\text{لا}}$

(۱۰) $(\text{عف} - 1)^{2}(\text{عف}^{2} + 1)^{2}\text{ما} = \text{جب}^{2}\frac{\text{لا}}{2} + \text{و}^{\text{لا}} + \text{لا}$

۴۷ ـ عامل $\text{لا}\frac{\text{و}}{\text{ولا}}$

اس قسم کی مساوات

$$\text{لا}^{\text{ن}}\frac{\text{و}^{\text{ن}}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}}} + \text{اِ}_{1}\text{لا}^{\text{ن}-1}\frac{\text{و}^{\text{ن}-1}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}-1}} + \text{اِ}_{2}\text{لا}^{\text{ن}-2}\frac{\text{و}^{\text{ن}-2}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}-2}} + \ldots\ldots + \text{اِ}_{\text{ن}}\text{ما} = \text{و}$$

کو جس میں اِ_{1}، اِ_{2} . . . $\text{اِ}_{\text{ن}}$ مستقل ہیں مناسب طریق پر تبدیل کرنے سے ایسی شکل میں لا سکتے ہیں جس میں تمام سر مستقل ہو جائیں۔ یہ تبدیلی $\text{لا} = \text{و}^{\text{ت}}$ رکھنے سے وقوع پذیر ہوتی ہے ـ

اس صورت میں $\frac{\text{ولا}}{\text{وت}} = \text{و}^{\text{ت}}$ اور اس لئے $\text{لا}\frac{\text{وما}}{\text{ولا}} = \frac{\text{وما}}{\text{وت}}$

ظاہر ہے کہ عامل $\text{لا}\frac{\text{و}}{\text{ولا}}$ اور $\frac{\text{و}}{\text{وت}}$ ایک دوسرے کے معادل ہیں

فرض کرو کہ $\frac{\text{و}}{\text{وت}}$ کی بجائے ہم عف لکھتے ہیں، اس طرح سے حاصل ہوگا

$$\text{لا}\frac{\text{و}}{\text{ولا}}\left(\text{لا}^{\text{ن}-۱}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۱}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}-۱}}\right) = \text{لا}^{\text{ن}}\frac{\text{و}^{\text{ن}}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}}} + (\text{ن}-۱)\,\text{لا}^{\text{ن}-۱}\frac{\text{و}^{\text{ن}-۱}\text{ما}}{\text{ولا}^{\text{ن}-۱}}$$

